http://www.Mypdfsite.com

هو المشهود فی کل موجود

مجربات صدیق

المعروف

مرقع شریف خواجگان چشت اہل بہشت

مصنفہ

احقر حکیم محمد صدیق چشتی نکودری عفی عنہ
حال مقیم منٹگمری
سگ درگاہ حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی
ثم اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

هو المشهود فی کل موجود

مجربات صدیق

المعروف

مرقع شریف خواجگان چشت اہلِ بہشت

مصنفہ

احقر حکیم میاں محمد صدیق چشتی نکودری عفی عنہ

حال مقیم منٹگمری

سگ درگاہ حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی

ثم اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

اللہ

مجربات صدیق

المعروف

مرقع شریف خواجگانِ چشت اہلِ بہشت

رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ؕ الحمد للہ رب العٰلمین ۝ والعاقبۃ للمتقین ۝ الصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم ؕ سیدنا و مولٰنا محمد وآلہٖ واصحابہٖ واہل بیتہٖ وازواجہٖ وذریاتہٖ وخدامہٖ واحبابہٖ وعشیرتہٖ وعترتہٖ وبارک وسلم علیہ عباد اللہ الصالحین وعلیٰ اہل طاعتک اجمعین ۝ یا ارحم الراحمین ؕ

بعد حمد وصلوٰۃ کہ حقیر فقیر ناچیز خادم الفقراء والعلماء حکیم میاں محمد صدیق چشتی خلیفہ غوث اعظم ثانی حضرت خواجہ مولانا محمد حسین بخش صاحب ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کا ادنیٰ خادم اور خواجگانِ چشت اہلِ بہشت کا ہے۔ عرض کرتا ہے کہ میرے بزرگ قبلہ وکعبہ قطب الوقت حضرت خواجہ مولانا شاہ بخش صاحب خلف الرشید وسجادہ نشین حضرت خواجہ مولانا حسین بخش صاحب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، ودیگر بزرگان دین کی نظر شفقت تھی کہ اس ناچیز کو بچپن ہی سے عملیات اور تعویذات کا بیحد شوق تھا۔ جہاں کہیں کسی بزرگ کی قدمبوسی کا شرف ہوا کچھ نہ کچھ ان سے استفادہ کرتا رہا۔ اور اکثر اوقات دعوت وغیرہ میں بھی مشغول رہا۔ کئی مرتبہ خیال آیا۔ کہ جو عملیات اور تعویذات اس ناچیز نے اپنے پیران عظام ودیگر بزرگانِ دین سے حاصل کئے ہیں۔ اور جن کی اکثر سند حدیث

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

شریف اللہ بندگان دین کے قلمی بیاضوں اور کُتب سے بھی ہے مع حوالہ کتب قلمبند کروں۔ تاکہ ہر خاص و عام کو فائدہ پہنچے اور اس ناچیز کے لئے ایک ذریعہ ثواب ہوگا۔ مگر عوارض دُنیاوی کچھ ایسے پیش آجاتے تھے کہ ہمت پست ہو جاتی تھی اور قلم اٹھانا دشوار ہو جاتا تھا۔ اسی خیال میں عرصہ گذر گیا۔ آخر کار فضل ایزدی شامل ہوا۔ اور خیر الناس من ینفع الناس کا خیال دل میں آیا۔ غرض کار دنیا کے تمام نہ کردہ آنکھوں میں سمایا اور تمام پریشانیوں کو پسِ پُشت پھینک کر قلم اٹھایا اور بطور یادگار اور کارِ ثواب سمجھتے ہوئے اپنے تمام مجربات کو جو ہمیشہ اس ناچیز کے تجربہ میں رہے ہیں قلمبند کر کے مجرباتِ صدیق المعروف مرقع شریف خواجگانِ چشت اہل بہشت سے نامزد کیا۔ دُعا ہے کہ رب العزت اپنے حبیبِ پاک احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اس کو قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ اور ہر خاص و عام کو اس سے فیضیاب فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ اور اس ناچیز کے لئے ذریعہ ثواب آخرت کا ٹھہرے آمین ثم آمین۔

محبّ احباب اور بانِ طریقت کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر کہیں اس خطاءً و سہواً کوئی غلطی ظہور میں آئے تو بمقتضائے کہ اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَآءِ وَالنِّسْیَانِ کے پردہ پوشی فرما دیں۔ اور اس حقیر ناچیز کو دعائے خیر سے یاد فرما دیں۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ۔

مُقدّمہ

مخفی نہ رہے کہ اکثر کتب عملیات بازاروں میں فروخت ہوتی ہیں اور بعض احباب ان میں سے کوئی خرید کر لاتے ہیں اور اپنی مطلب براری کیلئے اس میں سے حسبِ منشا عمل نقل کر کے کامیابی کے منتظر ہوتے ہیں جب کامیابی نہیں ہوتی۔ بلکہ بعض اوقات فائدہ کی بجائے نقصان ہو جاتا ہے تو پھر مصنف پر زبانِ طعن و تشنیع دراز کرتے ہیں اور اپنی غلطی کو پیش نظر نہیں رکھتے۔ کہ شاید ہم سے ترکیب وغیرہ میں کوئی نقص صادر ہو گیا ہو۔ اور یہ امر مسلم ہے کہ کاملین فن نے ہر چیز کے واسطے ترتیب و ترکیب مدنظر رکھی ہے۔ مثلاً ایک شخص وضو میں پہلے پاؤں دھوتا ہے پھر ہاتھ پھر منہ اور ناک میں پانی ڈالتا ہے۔ تو یہ ترکیب اس کی ناقص ہوگی۔ ایسے وضو سے نماز ہرگز ہرگز درست نہیں ہوتی وغیرہ۔

لہٰذا چند ضروری شرائط عمل درج قلمبند کرتا ہوں کہ جس پر ارباب شوق و ذوق عمل کر کے فتوحات حاصل کر سکیں گے۔ اس لئے ناظرین کو چاہیئے کہ شرائط عامل وغیرہ کے پابند ہو کر عمل

کریں۔ اگر پہلی مرتبہ کوئی تاثیر ظہور پذیر نہ ہو تو مایوس ہو کر عمل کو ترک نہ کریں۔ کیونکہ ممکن ہے پہلی بار بسبب بے احتیاطی کے شرائط میں کوئی کمی واقع ہو گئی ہو۔ دوبارہ پھر عمل کریں انشاء اللہ العزیز ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی۔

شرائطِ عمل

(۱) اکل حلال (۲) صدق مقال (۳) کم کھانا (۴) کم بولنا (۵) کم سونا (۶) دُنیا سے میل جول کم کرنا (۷) نیت درست رکھنا (۸) صدقِ دل سے پڑھنا (۹) حق کی طرف دل لگانا (یعنی حضوری دل سے پڑھنا) (۱۰) روزہ بلا انفصال رکھنا (۱۱) خلقت سے تنہائی اختیار کرنا (۱۲) گوشہ گزیں ہونا (۱۳) کپڑا (۱۴) جگہ (۱۵) بدن صاف رکھنا (۱۶) مرشد سے صدق رکھنا اور اجازت لینا (۱۷) شریعت کا پابند رہنا (۱۸) نفس پر شدت اور تنبیہ کرنا (۱۹) بے طلب جانوروں کو رہا کرنا (۲۰) حجرہ تنگ و تاریک اور مصفا رکھنا (۲۱) دل کو حسد و کبر سے صاف رکھنا (۲۲) نامحرم سے بچنا (۲۳) عمل کی زکوٰۃ مکمل طور پر ادا کرنا (۲۴) ترک حیوانات جلالی و جمالی کرنا۔

جب تک ان امورِ بالا کی مکمل طور پر پابندی نہ ہوگی۔ کوئی عمل بھی فائدہ نہ دے گا۔ بلکہ ہر عمل لاحاصل اور بے سود ہوگا۔ حضرت مولانا رُوم فرماتے ہیں۔

بر زباں تسبیح و دل در گاؤ خر ؛ ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

حیوانات جلالی و جمالی مکروہات محرمات احرامی کی حسب ذیل تفصیل ہے۔

پرہیز جلالی۔ مثل گوشت مچھلی۔ انڈا۔ شہد۔ مشک۔ چونہ۔ صدف۔ استعمال آب مشک اور اسی قبیل سے جو اور شئے ہو مثل ڈول یا جلد کتاب یا کفش یا موزہ یا کمبل یا پشمینہ یا دستہ چاقو وغیرہ جو استخوان سے بنا ہو اور جماع وغیرہ۔

پرہیز جمالی۔ دودھ۔ دہی۔ سرکہ۔ نمک۔ املی۔ نمک سانبھر وغیرہ۔ خربا۔ اور لوبس و کنار۔ مساس جو مساوی جماع ہیں۔

مکروہات۔ لہسن۔ پیاز۔ گندنا۔ حلتیت۔ **محرماتِ احرامی**۔ بناؤ سنگار کرنا۔ لباس فاخرہ پہننا۔ فصد یا حجامت سے خون نکلوانا۔ سلا ہوا کپڑا پہننا۔ پسو۔ مچھر۔ کھٹمل۔ جوں۔ مکھی۔ چیونٹی وغیرہ مارنا۔ بال کترانا یہ سب محرمات احرامی میں داخل ہیں۔ اگر ان میں سے ایک بھی شرط فوت ہو گئی۔ اور شرائط مذکورہ بالا کے مطابق عمل نہ کرے گا۔ تو بیشک خطرہ عظیم واقع ہوگا۔ بلکہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ اس لئے تمام عاملوں کا اتفاق ہے

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

فضائل وخواص بسم اللہ شریف

حدیث شریف میں ہے۔ عن امیر المؤمنین ابی بکرن الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن حضرۃ الرسالۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ من قال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کتب اللہ تعالیٰ لہ عشرۃ آلاف حسنۃ ومحی عنہ عشرۃ آلاف سیئۃ ورفع لہ عشرۃ آلاف درجۃ۔

(ترجمہ) روایت ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا ہے تو اللہ پاک اس کے حساب میں دس ہزار نیکی لکھتا ہے اور دس ہزار گناہ محو کرتا ہے۔ اور دس ہزار درجہ بلند کرتا ہے (حدیث) من قال بسم اللہ مرۃ لم یبق من ذنوبہ ذرۃ۔ (ترجمہ) جو شخص ایک مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھتا ہے تو اس کے گناہوں سے ایک ذرہ بھر گناہ نہیں رہتا:

حکایت کتب میں اس کو لکھا دیکھا ہے۔ کہ قیصر روم نے بعد اسلام قبول کرنے کے جناب فاروق اعظم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حضور میں عرضی پیش کی۔ کہ میرے سر میں شدت سے درد ہوتا رہتا ہے۔ کوئی علاج نفع نہیں کرتا۔ آپ نے ایک سیاہ رنگ کی ٹوپی سلوائی۔ اور اس کے پاس بھجوادی۔ کہ اس کو اوڑھے رہا کرے۔ قیصر نے اس ٹوپی کی آمد شن کر استقبال کیا اور بڑی تعظیم سے لیکر بطور تاج کے سر پر رکھ لیا۔ اسی وقت درد سر موقوف ہوگیا۔ جب تک پہنے رہتا درد سر کسی طرح کا نہ ہوتا۔ اور جب اتار ڈالتا تو پھر درد ہونے لگتا قیصر کو تعجب آیا۔ آخر اس بات کا کھوج نکالا۔ کیا دیکھتا ہے۔ کہ اس ٹوپی میں ایک کاغذ کا ٹکڑا لپٹا ہوا ہے۔ جس کے اندر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی ہے۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ بسم اللہ شریف ہر ایک مرض کی دوا ہے۔

مثنوی۔ تسمیہ آمد علاج ہر مرض ۔ شد روا ہر کس کہ خواند ہر غرض ۔

اسرار الفاتحہ میں لکھا ہے۔ ایک اعرابی نے حضور پُرنور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہو کر عرض کی۔ یا رسول اللہ انا کثیر الذنوب فاستغفرلی (ترجمہ) یا رسول اللہ میں گنہگار ہوں۔ خداوند کریم سے میرے واسطے مغفرت مانگئے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سے میرے واسطے مغفرت مانگئے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پڑھا کر۔ وہ ارحم الراحمین تیرے گناہ بخش دے گا۔ پھر اس اعرابی نے متعجب ہو کر عرض کیا۔ ابنا یا رسول اللہ یعنی اتنا ہی سا یا رسول اللہ۔ تو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو مسلمان مرد ہو یا عورت سچے دل سے یقین کامل کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا وظیفہ پڑھا کرے گا۔ تو پاک پروردگار اپنے فضل وکرم سے اس بندہ کو دوزخ سے آزاد کردے گا۔

مثنوی۔ تسمیہ را ورد جاں باید مدام ۔ آتش دوزخ کند بر خود حرام ۔

جاننا چاہیئے کہ یہ وہ آیت شریف ہے۔ کہ قلم اعلیٰ نے لوح پر کتابت کی حدیث شریف میں ہے۔ کہ حضور پُرنور سرور کائنات فخر موجودات تاجدار مدینہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ کوئی کام رب العزت نے ایسا نہیں کیا۔ کہ جس کی ابتدا بسم اللہ شریف سے نہ ہو۔ اور فرمایا۔ کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے زینت دی آسمانوں کو ستاروں سے اور زینت دی ملائکہ کو حضرت جبرئیل امین علیہ السلام سے ہے اور زینت دی جنت کو حور وقصور سے اور زینت دی انبیاء علیہ السلام کو آقائے نامدار احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے اور زینت دی کتابوں کو قرآن شریف سے اور زینت دی قرآن کریم کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جب بسم اللہ شریف حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی تو ابر آسمان سے مشرق کی طرف بھاگا اور ہوا تند وساکت ہوگئی۔ اور دریا بہنے بند ہوگئے اور جانور کشتی سے باز آکر فرماں بردار ہوگئے اور شیاطین آسمان سے نکال دیئے گئے۔

معراج المؤمنین میں ہے۔ کہ بعض ارباب لطائف نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تین ہزار نام ہیں ان میں سے ایک ہزار ملائکہ مقربین کے ساتھ مخصوص ہیں اور ایک ہزار انبیاء ومرسلین کے ساتھ اور ۹۹۹ نوسو ننانوے کل مخلوقات کے ساتھ۔ اور ایک ہزار حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اختیار فرمایا ہے۔ اور وہ پوشیدہ ہے۔ جس کو اسم مخزن اور سر مکنون کہتے ہیں اور جو اسماء مبارک خلقت کے حصے میں آئے ہیں۔ ان میں سے ۳۰۰ تین سو زبور میں۔ ۳۰۰ تین سو توریت میں۔ ۳۰۰ تین سو انجیل میں اور ننانوے قرآن شریف میں مذکور ہیں۔ کیونکہ یہ اُمت حضرت خاتم المرسلین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم خیر الامم ہے۔ اور اس پر خاص عنایت حق تعالیٰ وحمایت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اس لئے خداوند کریم نے ان تین ہزار ناموں کے مجموعہ معانی کو ان تین ناموں میں کہ بسم اللہ میں ہیں امانت رکھ دیا۔ کہ اس کے پڑھنے اور اس کے معانی اور حقائق کے سمجھنے سے تین ہزار ناموں کے پڑھنے اور ان کے معانی وحقائق کے

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

لکھنے کا ثواب بہت ہے اور ننانوے نام جو اس نعت کے ساتھ مخصوص ہیں ان کو اس طرح تطبیق دی گئی ہے کہ تینتیس ۳۳ الوہیت سے متعلق ہیں وہ اللہ کے معنی میں شامل ہیں۔ اور تینتیس ۳۳ رحمت ذاتیہ پر دلالت کرتے ہیں وہ اسم رحمن میں شامل ہیں اور تینتیس ۳۳ دلیل رحمت وجوبیہ کے ہیں۔ وہ اسم الرحیم سے متعلق ہیں اور بسم اللہ میں ان تینوں ناموں کے داخل کرنے کا یہ فائدہ ہے۔ کہ جو کوئی اس کو پڑھے جمیع صفات و اسماء الٰہی سے بہرہ ور ہو جائے کہ بندہ کی تین حالتیں ہیں: پہلی حالت یہ کہ معدوم تھا اور وجود کا محتاج دوسری یہ کہ موجود ہے اور اسباب بقا کا محتاج تیسری یہ کہ قیامت کے میدان میں حاضر ہوگا۔ اور مغفرت کا محتاج۔ رب العزت نے ان تینوں حالتوں کا ذکر ان تین ناموں میں بسم اللہ شریف میں صرح فرمایا کہ جان جاویں کہ اللہ وہ ہے کہ عدم سے وجود میں لایا۔ اور رحمٰن وہ ہے کہ جس نے اسباب زندگی مہیا کئے۔ اور رحیم وہ ہے جو قیامت کو گنہگاروں کو بخشے گا۔ اور حضرت امیر المومنین اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ بسم اللہ کشائندہ مشکلات ہے۔ اور برآرندہ حاجات ہے۔ اور شفا دہندہ ہے۔ بیماروں کو اور امان ہے قیامت کو۔

برائے بخشش گناہاں

بعض اولیاء اللہ نے فرمایا ہے کہ گناہ چار قسم کے ہوتے ہیں اور بسم اللہ شریف کے بھی چار کلمات ہیں جو مومن اس کو پڑھتا ہے رب العزت ہر چہار نوع کے گناہ اس کے بخش دیتا ہے۔ اور ہر حرف کے عوض چار ہزار نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھ دیتا ہے۔ اور چار ہزار بدیاں اس کی محو کرتا ہے۔

ایضاً حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بسم اللہ شریف کے انیس ۱۹ حرف ہیں اور عذاب دوزخ کے فرشتے بھی انیس ۱۹ ہیں۔ جو کوئی اس کی مواظبت کرے گا۔ بہ برکت ہر حرف کے ایک ایک فرشتے سے نجات دے گی۔ اور آتش دوزخ اس پر حرام ہو گی۔

ایضاً حضرت کا ملان نے فرمایا ہے۔ کہ بسم اللہ شریف کے (۷۸۶) عدد ہیں۔ جب کوئی مشکل پیش آئے یا حاجت کوئی ہو تو موافق اعداد مذکور کے سات یوم یا گیارہ ۱۱ دن یا اکیس ۲۱ دن تک پڑھے خضوع خشوع سے پڑھے اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ رو بقبلہ ہو کر پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام مشکلیں آسان ہوں گی اور حاجتیں بر آویں گی۔

ایضاً نقش سا بسم اللہ شریف کا ہے جو شخص اس نقش مکرم و معظم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ تمام آفات و بلیات زمینی و آسمانی سے محفوظ رہے گا۔ جس حاکم یا افسر کے سامنے

جائے گا۔ افسر مطیع و فرمان بردار ہو گا۔ جس حاجت کے واسطے اپنے پاس رکھے گا۔ حاجت پوری ہو گی۔
نقش معظم یہ ہے

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ

ایضاً۔ جو شخص اپنے دشمنوں سے تنگ آ گیا ہو۔ اور اس کی کوئی پیش نہ جاتی ہو۔ تو بسم اللہ شریف کا الٹا نقش لکھ کر مع نام دشمن بمعہ والدہ کے پرانی قبر میں دفن کرے۔ یا دشمن کے گھر میں دفن کرے۔ ان شاء اللہ العزیز دشمن بہت جلد تباہ و برباد ہو گا۔ دشمن ایسی مصیبتوں میں مبتلا ہو گا۔ کہ چند روز میں ہی اس کا صفایا ہو جائے گا۔ یہ عمل ازحد مجرب ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

حکیم حاجی علی ضیاء احمد
الحمد
الحمد دواخانہ ساہیوال

http://www.Mypdfsite.com

خواص و فضائل درود شریف

حدیث شریف میں ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰی عَلَیَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوۃُ مِنْ فِیْهِ مُسْرِعَةً فَلَا یَبْقٰی بَرٌّ وَلَا بَحْرٌ وَلَا شَرْقٌ وَلَا غَرْبٌ اِلَّا تَمُرُّ بِهٖ وَتَقُوْلُ اَنَا صَلٰوۃُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ۔ اَلْمُخْتَارِ خَیْرِ خَلْقِ اللّٰهِ فَلَا یَبْقٰی شَیْءٌ اِلَّا صَلّٰی عَلَیْهِ۔
ترجمہ: جو شخص مجھ پر درود شریف بھیجتا ہے۔ وہ درود شریف بہت جلدی اس کے منہ سے نکل کر جنگل اور دریا اور مشرق و مغرب سے گزرتا ہوا کہتا جاتا ہے۔ کہ میں فلاں بن فلاں کا درود ہوں۔ کہ اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجا ہے۔ پس یہ بات سنتے ہی تمام مخلوق اس پر درود شریف بھیجتا اور اس کیلئے رحمت کی طلب کرنا شروع کر دیتی ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُهُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً۔ ترجمہ: مجھ سے بہت نزدیک از روئے قرب و شفاعت پانیکے وہ لوگ ہیں جو مجھ پر بکثرت درود شریف پڑھتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عَشْرًا فِیْ اَوَّلِ النَّهَارِ وَعَشْرًا فِیْ اٰخِرِ النَّهَارِ اَدْرَکَتْهُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ ترجمہ: جو شخص درود شریف بھیجتا ہے مجھ پر صبح و شام دس دس بار تو قیامت کے روز میری شفاعت اس کو پائیگی یعنی قیامت کے روز اس کے لئے ضرور شفاعت کروں گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو مومن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک فرشتہ مقرر کرتا ہے کہ وہ فرشتہ اس درود شریف کو چشم زدن میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پہنچاتا ہے اور کہتا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلاں بیٹے فلاں نے [illegible] آپ پر ایک بار درود شریف بھیجا ہے۔ آپ یہ سن کر کمال خوشی سے یہ فرماتے ہیں [illegible] درود و سلام پہنچا دے۔ اور کہدے کہ اگر اس درود [illegible] میری شفاعت سے بہرہ مند ہوتا۔ پھر وہ فرشتہ بارگاہ الٰہی میں عرض [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بار درود شریف بھیجا ہے۔ اللہ پاک فرماتا [illegible]
[illegible] کی برکت سے ہم رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم کے حضور میں یاد کئے جاتے ہیں۔ اور اس بارگاہ عالی مقام میں ہمارا نام پیش کیا جائے اور رب العزت جل شانہٗ اور اس کے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی حاصل کرنے کے علاوہ ہماری ہزاروں مرادیں پوری ہوں۔ اور ہر آفات و بلیات ارضی و سماوی سے امن میں رہیں اور بارگاہِ رسالت کا قرب حاصل ہو۔

حکایت۔ ایک روز ابوجہل اور چند کافر کسی جگہ پر بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک سائل نے آکر کچھ سوال کیا۔ سب لوگ سائل سے تمسخر کہنے لگے۔ کہ حرم میں چلے جاؤ۔ وہاں حضرت علی بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ تم کو بہت سامان دیں گے کیونکہ وہ بڑے سخی آدمی ہیں۔ سائل نے حسب گفتار ان کافروں کے حضرت مشکل کشا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جاکر سوال کیا کہ مجھے للہ کچھ مرحمت فرمائیے۔ اس وقت آپ کے پاس کوئی چیز ایسی نہ تھی۔ جو سائل کو دیدیتے آپ نے دونوں ہاتھوں پر کچھ دم فرمایا۔ اور فرمایا کہ کافروں کے سامنے جاکر ہاتھ کھولنا سائل نے جب کافروں کے نزدیک آکر ہاتھ کھولے تو سائل کے ہاتھ میں ایک گوہر دیکھا۔ جس کی قیمت ہزار دینار تھی۔ سائل سے کہا کہ تجھے یہ گوہر حضرت علیؓ نے کہاں سے دیا ہے۔ سائل نے جواب دیا۔ کہ میرے ہاتھ پکڑ کر کچھ اس پر دم کردیا تھا۔ اس کی برکت سے یہ گوہر پیدا ہو گیا۔ کفار نے جاکر آپ سے پوچھا۔ کہ یہ اتنا قیمتی گوہر آپ کے پاس کہاں سے آیا۔ یہ لوگ جانتے تھے۔ کہ آپ اس زمانہ میں نہایت ہی تنگدست تھے۔ فرمایا جب سائل نے سوال کیا۔ مجھے شرم آئی کہ بغیر کچھ دیئے ہوئے اسے واپس کردوں۔ اور کوئی ایسی چیز میرے پاس نہ تھی۔ جو سائل کو دیتا۔ لہٰذا سائل کے ہاتھ پر درود شریف پڑھکر دم کردیا۔ اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے گوہر بنا دیا۔ یہ سنکر کفار نہایت حیرت زدہ ہوئے۔ حتیٰ کہ تین شخص اسی وقت مشرف باسلام ہوئے۔ سبحان اللہ درود شریف کی کیا برکتیں ہیں کہ انسان کے ہزاروں مطلب حل ہو جاتے ہیں۔ مثنوی شریف کا یہ شعر اس موقعہ پر یاد آگیا۔

بر محمدؐ برسانم صد سلام ۔ آں شفیع مجرماں یوم القیام

حکایت دیگر۔ دریائے نیل سے ایک مرتبہ جہاز کسی سوداگر کا جارہا تھا۔ اس میں ایک آدمی روزانہ درود شریف پڑھنے کا عادی تھا۔ حسب عادت ایک روز وہ درود شریف پڑھ رہا تھا۔ کیا دیکھتا ہے۔ کہ ایک مچھلی دریا سے جہاز کے کنارے آئی جب تک یہ درود شریف پڑھتا رہا۔ وہ مچھلی بھی سنتی رہی۔ اتفاق سے ماہی گیر نے آکر جو جال پھینکا وہ مچھلی اس جال میں پھنسی۔ آخر شکاری پکڑ کر بازار میں بغرض فروخت لے گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بازار میں اس خیال سے آئے تھے۔ کہ اگر کوئی بڑی مچھلی ہاتھ لگے تو خریدیں گے۔ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کریں۔ بازار میں آکر بڑی مچھلی دیکھ کر جو خریدی تو اتفاق سے وہی مچھلی آپ کے حصہ میں آئی۔ آپ نے مکان پر تشریف لاکر اپنی بی بی سے فرمایا کہ اس مچھلی کو خوب اچھی طرح سے مسالہ وغیرہ ڈال کر پکانا۔ آج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کریں گے۔ بی بی صاحبہ

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

[illegible] شغل کرکے مچھلی کو آگ پر پکانا چاہتی تھیں مگر [illegible] تو وہ آگ کا مچھلی [illegible] شامل ہے [illegible] آگ جلا کر اس پر مچھلی کو رکھ دیتیں تو خود بخود آگ کے نیچے آگ جلتی رہی [illegible] حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر سارا واقعہ عرض کیا۔ [illegible] کہ دوزخ کی آگ بھی اس کو نہیں جلا سکتی۔ کیونکہ ایک مرتبہ [illegible] ایک آدمی شوق سے درود شریف پڑھ رہا تھا۔ اور مچھلی بھی شوق دل سے سن رہی تھی۔ لہٰذا دنیا کی آگ کیا بلکہ دوزخ کی آگ بھی اس پر حرام ہے۔

سبحان اللہ درود شریف پڑھنے والوں کے فضائل کہاں شمار ہو سکتے ہیں۔ مسلمانو! خوش ہونے کا مقام ہے۔ ایک مچھلی جو [illegible] بھی نہ تھی مگر درود شریف سننے کی وجہ سے دوزخ کی آگ حرام ہو گئی [illegible] اشرف المخلوقات ہونے کے حرام نہ ہوگی ضرور ہوگی۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔ مثنوی: ہر کہ باشد عامل صلوٰۃ مدام ✦ آتش دوزخ شود بر وے حرام

درود شریف کی فضیلتیں بے شمار ہیں۔ اس کی برکتیں احاطہ تحریر میں آنا مشکل ہیں۔ درود شریف تمام دنیا [illegible] آخرت کی [illegible] نیکیوں میں شامل ہے۔ اصل بات یہ ہے۔ کہ اللہ جل شانہٗ کا حکم بجالانا اور [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] فرشتوں کی [illegible] حق تعالیٰ عزوجل کی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ یعنی تحقیق اللہ اور فرشتے اللہ عزوجل کے درود شریف بھیجتے ہیں اوپر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اے ایمان والو، درود شریف بھیجو اوپر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اور سلام [illegible] بھیجنے کی کتنی فضیلت ہے۔ (پ ۲۲ ع ۴)

حدیث شریف میں ہے کہ جو کوئی ایک بار مجھ پر درود شریف بھیجتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے اور دس گناہ اس کے معاف کئے جاتے ہیں اور دس نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں اور دس درجے بہشت میں اس کے لئے بلند کئے جاتے ہیں۔" روایت کیا اس کو نسائی [illegible] نے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ جو کوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بار درود شریف بھیجے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ستر بار درود شریف بھیجتے ہیں۔ اور آپ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن مجھ پر درود شریف بھیجو کیونکہ تمہارا درود شریف بھیجنا میرے سامنے پیش ہوتا ہے۔ نقل کیا اس کو ابو داؤد [illegible] نے۔

اور حدیث شریف میں جمعۃ المبارک کے دن درود شریف بھیجنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

بہ نسبت دوسرے دنوں کے کیونکہ جمعۃ المبارک کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور حضور پرنور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اولین و آخرین کے سردار ہیں۔ اس حکم میں دوشنبہ یعنی پیر کا دن بھی جمعۃ المبارک کا شریک ہے کیونکہ دوشنبہ بھی عمدہ دنوں میں سے ہے۔ کیونکہ اس روز حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی۔ اور اسی روز بندوں کے اعمال بارگاہ رب العزت میں پیش ہوں گے۔ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قیامت کے دن وہ شخص تمام آدمیوں سے زیادہ مجھ سے قریب ہوگا۔ جو مجھ پر بہت درود شریف بھیجتا ہوگا۔ یعنی اس شخص کا رتبہ مجھ سے زیادہ قریب ہوگا۔ روایت کیا اس کو ترمذی و ابن حبان نے اور فرمایا حضور پرنور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھ پر درود شریف کثرت سے بھیجو کیونکہ درود شریف بھیجنا تمہارے حق میں زکوٰۃ ہے یعنی ثواب کی زیادتی، مال کی کثرت اور گناہوں کا پاک ہے۔ اور حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنا گناہوں کو ایسے فنا کرتا ہے۔ بہ نسبت ٹھنڈے پانی کے آگ کو یعنی جیسے ٹھنڈا پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ اس سے زیادہ درود شریف گناہوں کو مٹاتا ہے۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دعا ٹھہری رہتی ہے۔ درمیان آسمان و زمین کے اوپر نہیں جاتی جب تک کہ تو اپنے پیغمبر علیہ السلام پر درود شریف نہ بھیجے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے یعنی دعا قبول نہیں ہوتی ہے جب تک کہ دعا کے اول و آخر درود شریف نہ پڑھا جائے۔

ایک بزرگ نے اپنے قلمی بیاض میں لکھا دیکھا ہے۔ کہ ایک دن حضرت سیدنا جبرئیل علیہ السلام نے بارگاہ ایزدی سے ربع مسکون کی سیر کی اجازت حاصل کی۔ بعد حصول اجازت تمام طبقات زمین و آسمان میں پھرے اور ہر چیز کا معائنہ کیا جب واپس ہوئے تو ارشاد خداوندی ہوا۔ کہ اے جبرئیل علیہ السلام جو تمام دنیا و مافیہا کا سیر کیا۔ کیا دیکھا۔ عرض کی کہ خداوندا کل عالم دیکھا۔ اور ہر چیز کا معائنہ کیا۔ تمام جن و انس و وحوش و طیور و شجر و حجر ہر ایک اپنے اپنے مقام پر حمد و ثنا میں مشغول ہیں۔ کوئی ایسی شے نہیں کہ ذکر الٰہی سے غافل ہو لیکن ایک التماس باقی ہے۔ اگر اس سے بھی سرفراز فرمایا جاوے تو عین رحمت ہے۔ فرمایا وہ کیا ہے بیان کر۔ عرض کی کہ جملہ عالم تو ذکر الٰہی میں مشغول ہے۔ نہ معلوم کہ ذکر ذات حق سبحانہٗ و تعالیٰ کیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ اے جبرئیل! میرا ذکر روز و شب اپنے حبیب سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنا ہے۔ پس جو شخص میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجے گا۔ وہ شخص میرا ہمسایہ ہے۔ روز قیامت کے میں اس کو اپنے ہمسایوں میں اٹھاؤں گا۔ سبحان اللہ کیا شان ہے اس درود شریف کی جس کے پڑھنے سے انسان رب العزت عزوجل شانہٗ کے ہمسایوں میں شمار ہو۔ حدیث شریف میں ہے۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

وسلم لا صلوٰۃ لمن لم یصل علیّ۔ (ترجمہ) فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ جس نے مجھ پر درود شریف
نہ پڑھا اس کی نماز نہیں۔

جو کوئی اس درود شریف کو وقت صبح تین بار پڑھے گا۔ رب العزت اس کے تمام گناہ معاف فرما دیں گے۔
اور جو کوئی قبرستان میں جا کر اس درود شریف کو پڑھے گا۔ تو رب العزت اس درود شریف کی برکت سے تمام اہل
قبرستان سے عذاب اٹھا لے گا۔ اور تمام اہل قبرستان بخشے جاویں گے۔ اور جس کے ماں باپ اپنی اولاد سے
ناراضگی کی صورت میں فوت ہو گئے ہوں۔ تو وہ شخص اس درود شریف کو اکیس ۲۱ بار پڑھ کر ثواب اس کا اپنے
ماں باپ کی روح کو بخشے تو اس کے ماں باپ کی روح ان سے خوش ہوگی۔ اور رب العزت اس درود شریف
کی برکت سے پڑھنے والے کے ماں باپ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الصَّلٰوٰتُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا
دَامَتِ الْبَرَکَاتُ وَصَلِّ عَلٰی اِسْمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَآءِ وَصَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا فِی الْاَرْوَاحِ
وَصَلِّ عَلٰی نَفْسِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَنْفَاسِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا فِی الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰی تُرْبَۃِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی التُّرَابِ وَصَلِّ عَلٰی رَوْضَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الرِّیَاضِ وَصَلِّ عَلٰی نُوْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی
الْاَنْوَارِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

ایک دفعہ ایک عورت نے حضور نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر عرض کیا۔ کہ
یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے گناہ ہو گئے ہیں۔ کہ میری لڑکی فوت ہو چکی ہے اور میں نے اس کو خواب میں
نہیں دیکھا۔ میں چاہتی ہوں کہ اس کو خواب میں دیکھوں۔ تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا
کہ شب جمعہ کو چار رکعت نماز اس ترکیب سے پڑھو کہ اول رکعت میں بعد سورہ فاتحہ شریف کے
سورۃ والشمس تین بار اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ شریف واللیل تین بار اور تیسری رکعت میں
بعد سورۃ فاتحہ شریف کے سورۃ والضحیٰ تین بار اور چوتھی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ شریف کے سورۃ
الم نشرح تین بار اور بعد سلام کے درود شریف مذکورہ بالا۔ ایک سو گیارہ ۱۱۱ بار اور پھر سر سجدہ میں رکھ کر
دعا کرو کہ الٰہی میری لڑکی مجھ کو دکھلا۔ پس اس عورت نے حسب الارشاد جناب رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم
یہ نماز پڑھی۔ جب رات کو سوئی تو دیکھا۔ صبح کو وہ عورت روتی ہوئی حضور کے دربار مقدس میں حاضر ہوئی۔
اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے اپنی لڑکی کو کس طرح کے عذاب دوزخ میں گرفتار
دیکھا۔ اور لڑکی نے کہا ہے کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتوں سے کہہ دو۔ کہ گناہوں سے

باز آؤ اگر تم نے گناہ کیا تو میری طرح تم پر بھی سخت عذاب ہوگا۔ اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس
عورت سے پوچھا کہ وہ اس دس طرح کا عذاب کیسا ہے۔ تو عورت نے عرض کیا کہ میں نے اپنی لڑکی کو دیکھا
ہے کہ وہ دوزخ کی آگ میں جلتی ہے۔ جس کا سبب اس نے یہ بتایا کہ وہ نماز نہ پڑھتی تھی۔ دوسرا عذاب
یہ ہے کہ دوزخ کی آگ اس کے سر پر ڈالی جاتی تھی جس کی وجہ اس نے یہ بتائی ہے۔ کہ وہ سر کو ننگا رکھتی
تھی اور نامحرم اس کے سر کے بالوں کو دیکھتے تھے۔ اور تیسرا عذاب یہ تھا کہ فرشتے میخیں آگ کی اس
کے ایک کان میں مارتے تھے۔ تو دوسرے کان سے نکلتی تھیں۔ جس کا سبب اس نے یہ بتلایا کہ
وہ دنیا میں چغلخوری بہت کرتی تھی۔ چوتھا عذاب یہ تھا۔ کہ اس کی دونوں آنکھوں میں آگ بھری جاتی
تھی۔ اس کی وجہ اس نے یہ بتائی کہ وہ غیر مردوں کو دیکھتی تھی۔ پانچواں عذاب یہ تھا۔ کہ فرشتے اس کے
منہ کو آگ کی دوزخ سے جھلس رہے تھے۔ کیونکہ وہ دنیا میں نامحرموں سے اپنے منہ کو نہ ڈھکتی تھی اور
چھٹا عذاب یہ تھا کہ چھری آگ کی سے اس کے دونوں ہونٹ کاٹے جاتے ہیں اور اس کی زبان گدی کی
طرف کھینچی جاتی تھی جس کی وجہ اس نے یہ بتائی ہے کہ وہ اپنے خاوند کو برا کہتی تھی اور تکلیف پہنچاتی تھی
اور ساتواں عذاب یہ تھا۔ کہ آگ کی زنجیروں سے اس کے ہاتھ پیر باندھ کر اس کے سر پر کوڑے مارے جاتے
تھے جس کی وجہ اس نے یہ بتائی کہ وہ اپنے خاوند کا مال اس کی اجازت کے بغیر بے جا خرچ کرتی تھی۔ اور
آٹھواں عذاب یہ تھا کہ اس کا پیٹ ڈھول کی مانند سوجا ہوا تھا۔ اور اس میں سے آواز آتی تھی۔ وہ
اس لئے کہ وہ دنیا میں حرام کھایا کرتی تھی۔ اس کے پیٹ میں سانپ اور بچھو بھر گئے تھے۔ نواں عذاب
یہ تھا۔ کہ وہ کالے رنگ کے سانپ میری بیٹی کے پستانوں میں لٹکے ہوئے تھے اور کاٹتے تھے۔ اس کی
یہ تھی کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر بیگانے بچوں کو دودھ پلاتی تھی۔ دسواں عذاب یہ تھا کہ آتشیں
تیر اس کے جسم پر مارے جاتے تھے۔ جس کی وجہ اس نے یہ بتائی کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر
باہر آتی جاتی تھی۔ اس کے بعد لڑکی نے اپنی ماں سے یہ کہا۔ کہ وہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں
حاضر ہو کر یہ عرض کرے کہ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتوں کو خبردار کر دو کہ گناہ سے کنارہ کش ہو
جائیں۔ اور لڑکی نے اپنی ماں سے یہ بھی کہا کہ وہ اس کے خاوند سے اس کا قصور معاف کرا دیں۔ جب اس عورت
نے یہ تمام ماجرا حضور کی خدمت میں عرض کیا۔ تو چند صحابہ کرام جو وہاں بیٹھے تھے۔ مارے خوف کے بیہوش
ہو گئے۔ حضور نے اس لڑکی کے خاوند کو بلایا۔ اور اس سے کہا کہ اپنی بیوی کی خطا معاف کر دے۔ اس نے
عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں اپنی بیوی سے بہت رنجیدہ ہوں حضور نے فرمایا۔ کہ اگر تو میری شفاعت
کا امیدوار ہے۔ تو اس کا قصور معاف کر دے۔ اس پر قصور اس نے معاف کر دیا۔ تو دوسرے دن

میں نے دیکھا کہ وہ بہشتی تخت پر بیٹھی ہے۔ اور
اس عورت نے اپنی لڑکی کو پھر خواب میں دیکھا۔ لڑکی نے اپنی ماں کو گلے سے لگایا۔ اور کہا کہ میرا سلام حضور
تاج مرصع اس کے سر پر رکھا ہوا ہے۔ لڑکی نے اپنی ماں کو گلے سے لگایا۔ اور کہا کہ حضور کی نگاہ شفقت اور مہربانی سے میرا
پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرنا اور کہنا کہ حضور کی نگاہ شفقت اور مہربانی سے میرا
قصور معاف ہوا ہے۔ خاندان کے قصور شفاعت کر دینے کے بعد میں اس درجہ پر پہنچی ہوں۔
ورنہ قیامت میں عذاب میں گرفتار رہتی اور فرمایا حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی اس
درود شریف ایک بار پڑھے گا۔ اس کو ایک لاکھ درود شریف کا ثواب ملے گا۔ اور دوزخ کی
آگ اس پر حرام ہوگی۔ اور قیامت کے دن اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا ہوگا۔
اور حضور کی مجلس میں حوض کوثر پر بیٹھے گا۔ مزید روایت یہ ہے۔ کہ جو کوئی اس درود شریف معظم کو
بعد نماز جمعہ سو بار پڑھے گا۔ تو وہ خواب میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے زیارت سے مشرف ہوگا
درود شریف معظم یہ ہے۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مُحَمَّدُ الْعَرَبِيُّ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقُرَشِيِّ
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مُحَمَّدُ الْمَكِّيُّ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا نَبِيَّ اللهِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
عَلَيْكُمْ يَا مُحَمَّدُ رَسُوْلَ اللهِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مُحَمَّدُ حَبِيْبَ اللهِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ
يَا جَدَّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَبَا الْفَاطِمَةِ الزَّهْرَاءِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبَ الشَّفَاعَةِ وَالْمِعْرَاجِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت قطب عالم حضرت مخدوم جہانیاں سید جلال بخاری قدس اللہ سرہ العزیز نے اپنے
ملفوظ میں لکھا ہے۔ کہ جو کوئی مومن اس درود شریف کو پڑھے گا۔ تو حج کا ثواب اس کے نامہ اعمال میں
لکھا جائے گا اور جو اپنے پاس رکھے گا۔ تمام دنیا و آخرت کی بلاؤں سے امن میں رہے گا۔ اور عقبیٰ
میں حضرت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگا یعنی حضور کا ہمسایہ ہوگا۔

طریقہ زکوٰۃ درود شریف مستغاث

جس کسی کو کوئی مشکل پیش ہو [illegible] راستہ [illegible] حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] اس کو چاہیے کہ درود شریف مستغاث کو اس ترکیب سے [illegible] شروع کرے۔ پہلے روز ایک بار دوسرے روز دو بار [illegible] روز گیارہ بار پڑھے۔ اور

گیارہ روز تک ایک ایک مرتبہ گھٹانا شروع کرے یعنی بارھویں دن دس مرتبہ اور تیرھویں دن ۹ مرتبہ علیٰ ہذا القیاس
اکیسویں روز ایک مرتبہ پڑھ کر ختم کرے اور کھانا وغیرہ پکا کر ثواب اس کا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
کی خدمت اقدس میں تحفۃً پیش کرے۔ اور اس درود شریف کے وسیلے سے جو حاجت رکھتا ہو چاہیے
کہ انشاء اللہ العزیز پوری ہوگی۔ اور بعد اکیس روز کے بعد نماز فجر ایک مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔ قبل
شروع کرنے درود شریف کے شیرینی پر فاتحہ شریف حضور پاک اور خواجگان چشت اہل بہشت اور
اور خاص کر اپنے شیخ کی روح پاک کو ثواب اس کا بخشے۔ اور ان سے امداد طلب کرے۔ اور دونوں جہان
کی سلامتی دعا قبولیت کے لئے بارگاہ رب العزت سے دعا کرے۔ جو شخص اس پر مداومت کرے گا۔
وہ کسی کا محتاج نہ ہو رب العزت اس کی غیب سے امداد فرمائے گا۔ دوران زکوٰۃ میں روزہ رکھے
اور اشیاء جلالی مثلاً گوشت۔ لہسن۔ پیاز۔ انڈا۔ مچھلی۔ ہینگ۔ و دیگر بدبودار اشیاء وغیرہ سے
اور جماع سے پرہیز کرے۔ پڑھنے کے وقت خوشبو پاس رکھے۔ کپڑے صاف اور ہر کپڑا سفید پہنے
بلکہ قبل شروع کرنے وظیفہ کے غسل تازہ کرے جگہ اور وقت معین کرے۔ اور جس جگہ درود شریف
پڑھے وہیں پر ہی سو رہے۔

دُرُوْدِ مُسْتَغَاث

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ زَيَّنَ السَّمٰوٰتِ بِحَبِيْبِهِ الْمُصْطَفٰى وَمَنَّ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ بِنَبِيِّهِ الْمُجْتَبٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى الْمُسْتَوِيْ بِهٖ مِنْ
فَوْقِ الْعَرْشِ اِلٰى تَحْتِ الثَّرٰى اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا مَضٰى وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا بَقِيَ اَلصَّلٰوةُ وَ
السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى مَدَدًا حَقًّا يَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
اَنْتَ خِيَارُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ
رَسُوْلُ سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ نَبِيُّ تَاجِ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلنَّبِيُّ الْمُصْطَفٰى رَسُوْلُ مِعْرَاجِ الْعٰلَمِيْنَ مَحْمُوْدٌ مَطْلُوْبُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ
اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّيِّدُ الْمُعَلّٰى رَسُوْلُ نَبِيِّ
الْخَلَائِقِ قَاسِمٌ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللهِ وَاَنْتَ مِنْ عِبَادِ اللهِ رَسُوْلُ صَاحِبِ الثَّارِ خَاتَمٌ طَيِّبُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ
اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلنَّبِيُّ الْمَكِّيُّ رَسُوْلُ تَاجِ

http://www.Mypdfsite.com

محیی ... طاہر اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا
رسول اللہ ہادینا رسول جد الحسن و الحسین داعٍ مطہر اللہ المستغاث
الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ نبی مختار رسول مرتضیٰ امام
رسول مقتدی الائمۃ المطہرین ہادٍ مبین اللہ المستغاث الی حضرت اللہ
تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صدقنا رسول مہدیٌ من الضلالۃ مہدی
مطیع اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
حبیبنا رسول مہدی الامۃ رسول صفی حجۃ اللہ المستغاث الی حضرت اللہ
تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ محمد مجتبیٰ احمد رسول کہ یا کرم منی
خلیفۃ اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
رسولنا رسول علی القدم نبی طٰہٰ قائم حامد اللہ المستغاث الی حضرت اللہ
تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ امیرنا رسول نبی محمد رسول اللہ
... حبیب اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام
علیک یا رسول اللہ معیننا رسول ... النبی الناسین امام امین اللہ المستغاث
الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ مصدقنا رسول حبیبنا نبی
مہیمن رسول اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک
یا رسول اللہ شاہدنا رسول نبی مدثر نور اللہ المستغاث الی حضرت
اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ مذکرنا رسول معطر الزوج یا
نور اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
سلطان الانبیاء رسول صاحب الوجدان مکی شکور اللہ المستغاث الی
حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ امام الاتقیاء رسول
صاحب السلام ... منور اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ
والسلام علیک یا رسول اللہ ... الاولیاء رسول صاحب المیزان البطحی ترتیب
اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
... الاصفیاء رسول سید القمر ... نسیم اللہ المستغاث الی حضرت
اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ شفیعنا رسول فخر المہدی

تزکیتی شہید اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
امام المؤمنین و زینۃ الانبیاء رسول خادم الفقراء مجابی نذیر اللہ المستغاث الی
حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ختم الانبیاء رسول تاج محمد بن
عبد اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
صادقنا رسول مرسل متوسط رحیم اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ
والسلام علیک یا رسول اللہ سیدنا رسول مستغیث مقتصد حلیم اللہ المستغاث
الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اغثنا یا رسول الثقلین
انت حق مغیث اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا
رسول اللہ واعظنا رسول و رسولہ المجتبیٰ اول حبیب اللہ المستغاث الی حضرت
اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اکرمنا رسول صاحب الشریعۃ اجر
عزیز اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اہل
التقویٰ رسول صاحب الطریقۃ شفاء نجیح اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ امنا بک انت نبینا رسول صاحب الحقیقۃ مطہر
نبی اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ امام
الامم محمد صاحب المعرفۃ برہان رحمۃ اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کبیر یا رسول صاحب الجنۃ ظاہر کبیر
اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ سند
العاصین رسول صاحب الجنۃ فارق جہنم سلطن تہامی مؤمن اللہ المستغاث
الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ فقیہنا رسول صاحب
القیراط مبلغ غائب اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام
علیک یا رسول اللہ امنا بک انت ولینا رسول صاحب الشفاعۃ باطن خلیل اللہ
المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ شہیدنا غوثنا
رسول صاحب التاج محلل باذن اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ
والسلام علیک یا رسول اللہ و من النار مخلصنا رسول صاحب المحراب حاشر
نبی اللہ المستغاث الی حضرت اللہ تعالیٰ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

رَحْمَةٍ حَبِيْبِ ... صَاحِبِهٖ رَسُوْلٍ مُحَمَّدٍ ...
مُبَشِّرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ تَعَالٰى اللّٰهِ ...
الصَّلٰوةُ تَعَالٰى اللّٰهِ اِلٰى حَضْرَتِ اَلْمُسْتَغَاثُ ...
غَنِيِّ اللّٰهِ عَالِمِ الْمِعْرَاجِ صَاحِبِ رَسُوْلٍ اَحْمَدُنَا ...
نَبِيِّ الْحَرَمِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَالسَّلَامُ الصَّلٰوةُ تَعَالٰى اللّٰهِ اِلٰى حَضْرَتِ اَلْمُسْتَغَاثُ
تَعَالٰى اللّٰهِ اِلٰى حَضْرَتِ اَلْمُسْتَغَاثُ مُكَرَّمُ اللّٰهِ ...
بِالْحَقِّ الْقِيٰمَةِ صَاحِبِ رَسُوْلٍ صَادِقُنَا الدِّيْنِ ... يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَالسَّلَامُ الصَّلٰوةُ
مُشَفَّعٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَالسَّلَامُ الصَّلٰوةُ تَعَالٰى اللّٰهِ اِلٰى حَضْرَتِ ...
اِلٰى حَضْرَتِ اَلْمُسْتَغَاثُ نَبِيِّ اللّٰهِ مَحْرَمُ النُّبُوَّةِ صَاحِبِ رَسُوْلٍ الشَّفَاعَةِ ...
صَاحِبِ رَسُوْلٍ سَابِقُنَا الرَّحْمَةِ وَنَبِيِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا عَلَيْكَ السَّلَامُ ...
عَلَيْكَ وَالسَّلَامُ الصَّلٰوةُ تَعَالٰى اللّٰهِ اِلٰى حَضْرَتِ اَلْمُسْتَغَاثُ ...
كَرَامَةُ هَاشِمِيِّ النِّعْمَةِ صَاحِبِ رَسُوْلٍ نَبِيُّنَا وَالْاِنْسِ الْجِنِّ سَيِّدِ ...
مُقَرِّبُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَالسَّلَامُ الصَّلٰوةُ تَعَالٰى اللّٰهِ اِلٰى حَضْرَتِ اَلْمُسْتَغَاثُ
وَحَبِيْبِهٖ الْمُصْطَفٰى رَسُوْلِهِ عَلٰى وَسَلَامٍ صَلٰوةٍ اَلْفِ اَلْفَ مِائَةَ ... رَحْمَةِ اللّٰهِ ...
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ط

... الْوَفِيِّ وَعَلِيِّ نِ الزَّكِيِّ وَعُثْمَانَ النَّقِيِّ وَعُمَرَ التَّقِيِّ ...
... الصِّدِّيْقَةِ وَعَائِشَةَ الْكُبْرٰى وَخَدِيْجَةَ الزَّهْرَآءِ وَفَاطِمَةَ ...
... وَالسَّعْدِ كَرْبَلَا الشُّهَدَآءِ الشَّهِيْدِ الْمُجْتَبٰى الشَّهِيْدِ وَالْحُسَيْنِ ...
... الْجَرَّاحِ ابْنِ عُبَيْدَةَ وَاَبَا عَوْفٍ بْنِ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدِ ...
... رِضْوَانُ الرَّاشِدِيْنَ وَالْخُلَفَآءِ وَالتَّابِعِيْنَ الصَّحَابَةِ ...
... صَغِيْرًا رَبَّيَانِيْ كَمَا ارْحَمْهُمَا وَلِوَالِدَيَّ اغْفِرْ اللّٰهُمَّ ...
... مِنْهُمْ الْاَحْيَآءِ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِجَمِيْعِ ...
الرّٰحِمِيْنَ يَا اَرْحَمَ بِرَحْمَتِكَ وَالْاَمْوَاتِ ۝

... [illegible]

فضائل و خواص کلمہ شریف طیبہ

کلمہ شریف طیبہ کے فضائل و خواص غیر متناہی ہیں۔ کیونکہ کلمہ طیبہ شریف تمام عبادتوں کی جڑ اور جملہ اذکار سے افضل ترین ہے۔ حضور پر نور آقائے نامدار احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ جس نے بخلوص نیت ایک مرتبہ بھی پڑھا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ داخل ہوگا وہ بہج جنت کے۔ ظاہر ہے کہ یہ وہی کلمہ شریف ہے کہ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کرانے والا اور حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کی کشتی کو کنارہ نجات پر پہنچانے والا۔ اور اسی کلمہ کی برکت تھی کہ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر آتش نمرود گلزار کر دی گئی اور اسی کلمہ شریف کی برکت تھی کہ حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کو تاج و تخت عطا فرمایا۔ اور اسی کلمہ طیبہ شریف کی برکت ہے کہ انسان ضعیف و ناتواں مشت خاک کو نور ایمان سے منور کر کے اللہ تعالیٰ سے ملایا۔

صاحب طریقت فرماتے ہیں کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے چوبیس ۲۴ حروف ہیں اور رات دن کے چوبیس ۲۴ ساعت ہیں۔ جو بندہ صدق سے ایک مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے میرے بندے آیا تو ساتھ اُن چوبیس حروف کے تحقیق کہیں میں نے ساعتیں اور دن کی چوبیس ۲۴ ہیں ... کیا تو نے ان ساعتوں میں جس میں ایک مرتبہ بھی کلمہ طیبہ شریف پڑھا ہے۔ تو میں نے بخش دیئے گناہ چھوٹے اور بڑے۔ پچھلے اور ظاہر ... اور بخش دیا میں نے تجھکو برکت سے ایک بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے۔" اور حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ فرمایا حضرت رسالتمآب آقائے دو جہاں سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی ہر صبح کو کلمہ شریف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہے گا۔ گویا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو سات کرامت اول تعبض کرنا روح اس کا اوپر حسلم کے ختم ایمان کرنا سختی جان کندن کی تشوم منور کرنا قبر اس کا دیکھنا منکر نکیر کا اچھی صورت میں ظاہر ہونا نجم دنیا اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں ششم بھاری کرنا میزان پلی حسنات اس کے ہفتم گزرنا اس کو پل صراط سے مانند برق کے۔

روضہ زندوسیہ میں حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور پر نور سرور کائنات تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص میری امت کا فرشتے

http://www.Mypdfsite.com
Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

ننانوے سجل کہ اس کے نامۂ اعمال کے کھولے جائیں گے اور بارگاہ رب العزت میں حاضر کریں گے۔ ہر سجل کی حد حد نظر تک ہوگی اور اس میں تمام گناہ ہوں گے۔ اس کو حکم الٰہی ہوگا کہ اے بندے تجھے کسی بات کا انکار ہے یا کراماً کاتبین نے تجھ پر کوئی زیادتی کی ہے۔ وہ شخص کہے گا خداوندا سب کچھ جو دیکھتا ہے پس فرمائے گا اللہ تعالیٰ تجھے اس میں کوئی عذر ہے یا کوئی نیکی تیرے پاس ہے جس کے سبب آج تو بخشا جائے۔ وہ مرد اس وقت نہایت حیران و پریشان ہوگا اور کچھ نہ سوچ سکے گا۔ حکم ہوگا کہ اے بندے تیری ایک نیکی میرے پاس ہے اور اس کی برکت سے آج تجھ پر کوئی عذاب نہ ہوگا پس نکالا جائے گا ایک پرچہ کہ اس پر لکھا ہوگا۔ اس بندے کا یہ قول جو اس نے دنیا میں کہا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ وہ مرد کہے گا۔ اے رب العزت اس پرچہ کی کیا نسبت ہے ان سجلوں کے آگے تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ تجھ پر کوئی زیادتی نہ کی جائے گی پس رکھا جائے گا وہ پرچہ ایک پلڑے میں اور دوسرے پلڑے میں وہ تمام سجل۔ تو گراں ہوگا وہ پرچہ تمام سجلوں پر تحقیق نہیں بھاری کوئی چیز اوپر نام اللہ تعالیٰ عزوجل شانہٗ کے

خواص و فضائل سورۂ فاتحہ شریف

[illegible] میں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْفَاتِحَةُ اَعْظَمُ سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ هِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِیْمُ (یعنی سورۃ فاتحہ قرآن شریف کی بڑی سورت ہے وہ سبع مثانی اور قرآن عظیم ہے۔ روایت کیا اس کو بخاری اور ابوداؤد اور نسائی [illegible] نے قرآن شریف میں بھی ہے کہ سبع مثانی اور قرآن عظیم آیا ہے۔ سبع مثانی اس لئے کہ سات آیتیں ہیں اور نماز میں مکرر پڑھی جاتی ہے اور قرآن عظیم اس لئے کہ کل اسرار قرآن شریف کے مجمل طور پر اس میں ہیں۔

[illegible] میں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن حضرت جبرئیل علیہ السلام [illegible] اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ کہ جو کتاب (یعنی قرآن) [illegible] کہ اگر وہ سورۃ توریت میں ہوتی [illegible] اور اگر انجیل میں ہوتی تو کوئی بھی

شخص امت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے عیسائی نہ ہوتا۔ اور اگر زبور میں ہوتی تو کوئی شخص امت حضرت داؤد علیہ السلام سے آتش پرست نہ ہوتا۔ اور آپ کو اس لئے دی گئی ہے۔ تاکہ اس سورۃ کی برکت سے آپ کی امت خداوند کریم کے دربار میں ظفریاب ہو۔ اور قیامت کے دن عذاب دوزخ اور خوف محشر سے رہائی پائے۔ یہ وہ سورۃ فاتحہ شریف ہے۔ قسم ہے اس رب العزت کی جس نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو خلق کی ہدایت کے لئے مامور فرمایا ہے۔ کہ اگر تمام روئے زمین کے دریا سیاہی ہو جائیں اور تمام جہان کے درختوں کی قلمیں بنائی جائیں اور زمین و آسمان کاغذ ہو جائیں اور ازل سے روز ابد تک اس سورۃ کی برکتیں اور پڑھنے کے فوائد بیان کریں تو نہ بیان کر سکیں گے۔ سورۃ فاتحہ شریف پڑھنے کی چند ترکیبیں تحریر کی جاتی ہیں۔

برائے حل مشکلات

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی حسن سنجری ثم الاجمیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ حاجات مشکلات کیلئے سورۃ فاتحہ شریف اس ترکیب سے پڑھے۔ کہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان الحمد شریف مع تسمیہ اکتالیس بار اپنے مطلب کو مدنظر رکھکر اس طریقہ سے پڑھے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کو الحمد کے لام سے وصل کر دے اور آخر سورۃ شریف کے تین بار آمین کہے اور خداوند کریم سے اس سورۃ شریف کے وسیلہ سے مطلب چاہے حق تعالیٰ اس سورۃ شریف کی برکت سے اس کی حاجت کو پوری کر دے گا۔ مگر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے۔ مجرب ہے۔

برائے شفائے امراض

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ شریف تمام بیماریوں کی دوا ہے جب کوئی بیماری کسی دوا سے اچھا نہ ہو تو صبح کو فرض اور سنت کے درمیان الحمد شریف ساتھ میم بسم اللہ کے اکتالیس بار سورۃ شریف پڑھکر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلا دے۔ ان شاء اللہ العزیز صحت کلی ہوگی۔

دریا عبور کرنا

حضرت خواجہ صاحب فرماتے ہیں کہ ہم نے اپنے پیر و مرشد کے ساتھ پانچ مرتبہ الحمد شریف

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

پڑھکر اپنے اوپر دم کیا اور قدم رکھکر دریا سے پار چلے گئے۔ اور اس بیان کو وسیلۃ العارفین میں لکھا ہے۔

دیگر ترکیب برائے حاجات

واسطے برائے حاجات دینی و دنیاوی کے مجرب ہے۔ برائے حاجت دینی کے قبلہ رُخ ہو کر پڑھے اور برائے حاجت دنیاوی کے جنوب کی طرف رُخ کر کے پڑھے۔ اس ترکیب سے کہ الحمد للہ رب العلمین اتوار کو پانچسو دس مرتبہ آمین [illegible] الرحمن الرحیم سوموار کو پانچ سو پچاس اور چھ مرتبہ آمین سو مرتبہ مالک یوم الدین منگل کو دو سو گیارہ مرتبہ اور آمین سو مرتبہ ایاک نعبد و ایاک نستعین بدھ کو دو سو چھبیس مرتبہ اور آمین سو مرتبہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ جمعرات کو ایک ہزار ایک سو چالیس مرتبہ اور آمین سو مرتبہ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ جمعہ کو ایک ہزار ایک سو تیرہ مرتبہ اور آمین سو مرتبہ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ہفتہ کو چار ہزار ستر مرتبہ اور آمین سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز ایک ہفتہ کے اندر اندر مطلب حاصل ہو گا۔ یہ بارہا کا آزمودہ ہے۔

دیگر

سورۃ فاتحہ شریف مع بسم اللہ شریف کے گیارہ دن تک ہر روز ۴۱ مرتبہ پڑھکر سُرمہ پر دم کرے اور جس کی طرف آنکھیں بھر کر دیکھے وہ تمام عمر مطیع و فرمانبردار رہے۔ اور اگر میاں بیوی ایک دوسرے کو دیکھیں تو محبت عظیم پیدا ہو۔

خواص و فضائل آیۃ الکرسی شریف

حدیث شریف میں ہے کہ فرمایا حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قرآن شریف کی سب آیتوں میں [illegible] ثواب کے اعتبار سے اشرف ہے تمام آیات قرآن شریف سے۔ کیونکہ [illegible] مسلم و ابو داؤد اور ترمذی نے راحت القلوب میں [illegible] جب آیۃ الکرسی نازل ہوئی تو ستر ہزار فرشتے اس کے گرد اگرد تھے حضرت سیدنا جبرئیل [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لا کر پیش کی۔ آپ نے بڑا ادب

اعزاز و اکرام سے لیا۔ سر و دیدہ پر رکھا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم فرمان الٰہی ہے۔ کہ جو بندہ میرے بندوں میں سے اس کو پڑھے گا۔ تو ہر حرف کے عوض ہزار برس کا ثواب اس کے نام سے لکھا جائے گا۔ اور ستر ہزار فرشتے جو کرسی کے گرد ہیں۔ اس آیت الکرسی کا ثواب اس کے نام لکھیں گے۔ اور پڑھنے والا آیت الکرسی شریف مقربان الٰہی سے ہوگا۔ اور جو شخص اس کو پڑھکر گھر سے نکلے گا۔ تو رب العزت ستر ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے۔ کہ اس کے واپس گھر آنے تک تم اس کی حفاظت کرو اور اس کے لیے بخشش مانگتے رہو۔

جامع الحکایات میں لکھا ہے۔ کہ ایک درویش عامل آیت الکرسی شریف بغداد شریف میں رہتے تھے۔ اور ان کا یہ معمول تھا کہ جب گھر سے باہر جاتے تو آیت الکرسی شریف پڑھکر دروازے پر دم کرتے۔ ایکمرتبہ وہ بزرگ آیت الکرسی شریف پڑھکر دم کر کے کہیں باہر چلے گئے۔ رات کو دس چور اس کے گھر آئے۔ جب دروازہ کھولا تو سب کے سب اندھے ہو گئے۔ جب درویش واپس گھر آیا تو یہ حال دیکھ کر ان سے پوچھا کہ تم کون ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم چور ہیں۔ اور تمہارے گھر چوری کرنے کے لیے آئے تھے۔ مگر یہاں آ کر اندھے ہو گئے ہیں۔ ہمارے لئے دعا فرما دیں کہ خدا تعالیٰ ہماری آنکھیں درست کر دے تو ہم اس کام سے توبہ کر کے صحیح معنوں میں مسلمان ہو جائیں گے۔ اور آئندہ کبھی چوری نہیں کریں گے۔ یہ باتیں سنکر درویش ہنسا اور فرمایا کہ اے بیوقوفو! تم کو معلوم نہیں کہ میں آیت الکرسی شریف پڑھکر دم کر کے جاتا ہوں۔ تو اب خدا کے حکم سے آنکھیں کھولو۔ تو سب کی آنکھیں کھل گئیں اور توبہ کر کے مسلمان ہو گئے۔

برائے حل مشکلات آیت الکرسی پڑھنے کے طریقے۔

دینی و دنیاوی حاجات کے لئے ہر وظیفہ کے بعد آیت الکرسی اس طریقہ سے پڑھے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اس آیت مذکورہ کے دس جملے ہیں اور پڑھنے کے وقت ہر ایک جملہ پر اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے شروع کر کے ہر ایک جملہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے۔ اس طرح جب بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کر کے

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

غیب کو شیخ بعد نماز پہنچے درمیان ہر دو عین کے ترقی درجات و فراخی رزق چاہے۔ اور مقصودی اسرار بیچ درمیان ہر دو میم ... دل میں خیال کرے۔ اگر کسی شخص کو مطیع و فرمانبردار کرنا منظور ہو تو ... کے وقت اس شخص کا تصور کرے اور اس کے بعد تین مرتبہ سورہ الم نشرح اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور درود شریف جو یاد ہو پڑھے۔ اور دس مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف پڑھے اور کھولتے وقت ہر مطلوب اور تصور مطلوب کا کرے۔

دیگر جو کوئی آیت الکرسی شریف ستر بار بعد نماز عصر دن جمعہ کے خالی جگہ میں پڑھے گا۔ وہ اپنے دل میں ایسی حالت پائے گا جو کسی کو معلوم نہ تھی۔ پھر اس حالت میں جو دعا کرے گا قبول ہوگی۔

دیگر عمل آیت الکرسی شریف واسطے زیادہ ہونے رزق و عزت

ترکیب عمل یہ ہے کہ بعد ہر نماز پنجگانہ کے صرف ایک بار آیت الکرسی اس ترکیب سے پڑھے کہ اس کے کلمات ... اور ہر کلمے پر ایک ایک انگلی بند کرتا جائے۔ مگر شروع داہنے ہاتھ کی انگلی سے کرے ... اور ... میں دو عین کے یشفع عندہٗ ظاہر کرے۔ اور تمام ہونے کے بعد سورۃ الم نشرح ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار اور درود شریف تین بار پڑھ کر بطرف آسمان ... کرے۔ پھر ... کو سورۃ فاتحہ سے کھولے یعنی ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولتا جائے یعنی دس بار فاتحہ شریف پڑھے۔ اور دونوں ہاتھوں پر دم کرے۔ ... تمام آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے اور ترقی رزق اور عزت ہو ... زیادہ ہوں گے۔

دیگر برائے فتوحات و برکت ترقی ظاہری و باطنی

اول یکصد بار ضرب یا رب یا روح الارواح کی ضرب دل پر لگائے پھر آسمان کی طرف منہ کر کے دس بار یا روح یا سبوح کہے۔ پھر اسی طرح ذکر میں مشغول ہو کہ طرف راست سبوح اور طرف چپ قدوس دل طرف آسمان ربنا و رب الملائکۃ اور دل پر و الروح کی ضرب لگائے اسی طرح گیارہ سو گیارہ بار اس عمل کو پڑھتا رہے ناغہ ہرگز نہ کریں جب تک کہ مراد کو نہ پہنچے اور بعد نماز عشاء کے اس اس عمل کو کرے۔ چھت کے نیچے اس عمل کو نہ پڑھے اور اول و آخر درود شریف ١١ ، ١١ بار پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز بہت جلد مراد کو پہنچے گا۔

ذکر کشف قبور

یہ عمل حضرت خواجہ فقیر صوفی میاں محمد صاحب دام برکاتہ العالیہ کا ہے۔ جو مجرب اور آزمودہ ہے۔ اول قبر کے پاس بیٹھ کر فاتحہ شریف پڑھے اور تشنہ مزار کی روح پاک کو بخشے اور

وجہ جو ہے روگردانی کی میری یاد سے پس تحقیق اس کے واسطے معیشت تنگ ہے۔ اور ہم اس کو اٹھائیں گے قیامت کے دن اندھا۔ حدیث شریف میں ہے لا یقعد قوم یذکرون اللہ الا حفتھم الملائکۃ و غشیتھم الرحمۃ و نزلت علیھم السکینۃ و ذکرھم اللہ فیمن عندہ یعنی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو لوگ خدا کا ذکر کرتے اور یاد کرنے کو بیٹھتے ہیں ان کو فرشتے چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں اور خدا کی رحمت ان کو چھپا لیتی ہے اور اترتا ہے ان پر آرام و چین اور خدا ان کا ذکر کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں۔ یعنی فرشتے اور ارواح انبیاء۔ اس کے علاوہ بہت سی آیات اور حدیث پاک میں ذکر کی فضیلت آئی ہے وہ اس لئے کہ غفلت کا علاج اس کے سوا کچھ نہیں ہے۔ کیونکہ جب تک انسان غیر حق کی طرف مشغول ہے تو خدا سے غافل ہے۔ اور یہ غفلت موجب عذاب۔ غیر حق کی طرف مشغول ہونا ایک قلبی مرض ہے۔ جس کا علاج سوائے ذکر الٰہی کے اور کچھ نہیں۔ اس غفلت کا نتیجہ آخرت میں معلوم ہوگا۔ کیونکہ رب العزت ارشاد فرماتا ہے۔ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون (ترجمہ) اور پیدا کیا ہم نے جنوں اور انسانوں کو واسطے اپنی عبادت کے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ فاذا قضیتم الصلوٰۃ فاذکروا اللہ قیاما و قعودا و علیٰ جنوبکم یعنی جب نماز ادا کر چکو تو یاد کرو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر۔ اس سے ثابت ہوا کہ ذکر الٰہی ہر طرح جائز اور درست ہے۔ اس لئے صوفیائے کرام نے اذکار کے لئے بہت سے طریقے بیان فرمائے ہیں۔ جن میں سے چند ایک طریقہ ہائے اذکار فقیر بھی تحریر کرتا ہے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

طریقہ ذکر نفی و اثبات

دو زانو بیٹھے اور دونوں ہاتھ اپنے دونوں زانوؤں پر رکھے اور زبان کو تالو سے چسپاں کرے جس و کشائش دم یعنی نفس آگاہ رہنا غیر حق دل میں جگہ نہ پائے۔ پھر اس طرح ذکر کرے کہ سر کو نیچا کر کے لا کو ناف سے کھینچے اور لا کے ساتھ ہی سر کو بلند کرے۔ مائل بجانب راست کے بعد بلند ہوئے سر کے سر کو دو حلقہ سے دل میں تصور دنیا اور دوسرے میں آخرت مراد رکھے اور سر کو پس پشت مائل کرے اور اس میں یہ خیال ہو۔ کہ محبت ہر دو جہاں کو قلب سے نکال کر پس پشت ڈال دیا۔ پھر الا اللہ کی ضرب بتصور اثبات محبوب و موجود حقیقی دل میں لگائے۔ اور اس وقت یہ گمان رکھے کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو دیکھتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں بیٹھا ہوں اور

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

الحمد

شغل اسم ذات

تجھے اے دیکھنے والے میرے یار دیکھیں گے — جو آنکھیں بند کرلیں گے جمال یار دیکھیں گے

اس کی ترکیب یہ ہے کہ آنکھیں بند کرکے قلب صنوبری میں تصور نقش اسم ذات بزنگ طلائی کرے۔ یہاں تک کہ محو ہو جائے۔

منم کہ جو جمال او ندیدہ ام کجا رفتم — شدم غرق وصال او ندیدہ ام کجا رفتم

اس میں بہت اسرار ہیں، جس کی تفصیل یہ ہے۔ اول کسی کاغذ پر قلب صنوبری کی صورت بنوائے اور اس میں اسم ذات اللہ کو طلائی حروف میں لکھوائے۔ پھر اس نقش کو اپنے سامنے رکھ کر اسم مذکور کو بغور دیکھے اور آنکھیں بند کرکے اپنے آئینہ دل میں اس اسم طلائی کو بورنگ نور ذات منقش دیکھے۔ چند روز میں وہ نور خیال شکل ہوگا۔ اس حالت میں سالک اپنے آپ کو اس نقش کے مقابل یا بجانب تحت یا بطرف یمین و شمال سمجھے گا۔ اس وقت سالک کو لازم ہے کہ بہت جد و جہد کرکے اپنے آپ کو اس نور ذات تک پہنچائے۔ اس کو سیر الی اللہ کہتے ہیں۔ اور جب اپنے آپ کو درمیان الف و لام کے دیکھے تو پھر اس سے ترقی کرکے اپنے آپ کو درمیان ہر دو لام کے پہنچا دے۔ پھر یہاں سے بھی بہت تمام ترقی کرکے حلقہ ہا میں پہنچ جائے۔ ابتدائے سیر و سلوک سالک اپنے سر کو حلقہ ھا میں داخل پائے گا۔ آخر کار اپنے جسم کو حلقہ ھا میں پائے گا۔ اس وقت سالک جمیع آفات و بلیات و خطرات سے محفوظ ہو کر اللہ تعالیٰ کو دیکھے گا۔ اس کا نام سیر فی اللہ ہے اور جب قطرہ دریا میں فانی رہ کر نور آفتاب ذاتی سے منور ہو کر اور پھر اس مقام عالی سے نیچے پایۂ اسفل کی جانب نزول کرے گا۔ تو اس وقت اپنے ابنائے جنس کو اپنے ہمراہ عروج و نزول کرائے گا پس اس آمد و رفت عروج و نزول کو سیر عن اللہ باللہ کہتے ہیں۔

شغل آئینہ

ایک بڑے آئینے کو اپنے روبرو رکھے لیکن نظر سے ذرا بلند ہو۔ اور ٹکٹکی باندھ کر آئینہ کو دیکھنا شروع کرے۔ اور پلک نہ مارے۔ اور یا حی یا قیوم یا معبود کو دل میں پڑھتا رہے۔ اور وقت کو بڑھائے۔ یہاں تک کہ کم از کم تین گھنٹہ کی نوبت کو پہنچے۔ اور اپنی پتلی یعنی مردم چشم پہ نگاہ کو قائم رکھے ہر گاہ کہ طالب کی نگاہ مردم چشم کی مردمک پر پڑے گی۔ اس وقت جو حال وارد ہوگا

اس کا بیان میں نہیں کر سکتا۔ ہاں اتنا کہتا ہوں کہ آنکھوں کی چمکیں صنوبری کے [illegible] کے نقطۂ رخصتی میں داخل ہو کر سویدائے قلب میں قائم ہوں گی اور [illegible] ہو جائے گا

شغل میت

اس کا طریقہ یہ ہے کہ بغیر بالین زمین پر مثل مردہ چت لیٹ جائے اور خیال کرے کہ میں مردہ ہوں اور موت کو یاد کرکے خاموش پڑا رہے۔ پھر یہ خیال کرے کہ میرے پاؤں سے جان نکل کر زانوؤں میں آئی اور اب زانوؤں سے ناف میں اب کمر میں اب سینہ میں اب گلے میں اب [illegible] نکل گئی۔ اسی طرح ہر روز تصور اور وقت کو بڑھاتا جائے اور دل میں تصور لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ کا کرے۔ چند روز کے بعد موت طاری ہونے لگے گی۔ اور عجیب و غریب حالات پیش آویں گے۔ اور اگر منظور خدا ہوا۔ تو چند عرصہ کے بعد موت اور حیات دونوں یکساں ہو جائیں گی اور مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا کا مرتبہ حاصل ہو کر موت اور حیات دونوں ایک ہوں گی۔ مگر آہستہ آہستہ بڑھائے دم زیادہ دیر نہ کرے۔ میرے ایک دوست لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ کو پڑھتے تھے۔ اور یہی تصور کرتے تھے اس کی حالت مجذوبوں کی سی ہو گئی تھی۔ کھانے پینے سے وہ بالکل بے نیاز ہو گئے تھے

شغل اسم ذات

یہ طریقہ نہایت ہی آسان اور مجرب ہے۔ کیونکہ اس ناچیز نے اس کو کئی بار کیا اور کبھی خطا نہیں گیا۔ اور آج تک اس کے برابر کوئی شغل یا وظیفہ نہیں دیکھا کہ جو بالکل برہنہ کو [illegible] اور اس ناچیز نے اس شغل سے جو حاصل کیا اس کو زبان بیان کرنے سے قاصر ہے جو کرے گا وہ خود مشاہدہ سے آگاہ ہوگا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اسم ذات یعنی اسم اعظم اللہ کو ایک کاغذ کے پرزے پر لکھ کر اپنے سامنے رکھے۔ اور بعد نماز عشاء کے اس کی طرف متوجہ ہو کر پہلے روز برابر پانچ منٹ تک دیکھتا جاوے۔ اور اسم اعظم اللہ کو دل میں پڑھتا جاوے مگر یہ یاد رہے کہ خشوع و خضوع سے پڑھے خیالات کسی دوسری طرف مشغول نہ ہونے دے اور اور ہر روز وقت بڑھاتا جاوے۔ یہاں تک کہ ایک گھنٹہ تک عمل کرے۔ جب تعداد یک ساعت کو پہنچے گی۔ تو مشاہدات شروع ہوں گے۔ اتنی قوت پیدا ہوگی۔ کہ عامل خود حیران

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

مہر حاجی علی ضیاء
الحمد
الحمد دواخانہ ساہیوال

شغلِ اسمِ ذات

تجھے اے دیکھنے والے مرے یار دیکھیں گے جو یہ آنکھیں بند کر لیں گے جمالِ یار دیکھیں گے

اس کی ترکیب یہ ہے کہ آنکھیں بند کر کے قلب صنوبری میں تصور نقش اسم ذات بزنگ طلائی کرے۔ یہاں تک کہ محو ہو جائے۔

؎ منم محو جمال او نمیدانم کجا رفتم شدم غرقِ وصالِ او نمیدانم کجا رفتم

اس میں بہت اسرار ہیں۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔ اوّل کسی کاغذ پر قلب صنوبری کی صورت بنوائے اور اس میں اسم ذات اللہ کو طلائی حروف میں لکھوائے۔ پھر اس نقش کو اپنے سامنے رکھ کر اسم مذکور کو بغور دیکھے اور آنکھیں بند کر کے اپنے آئینہ دل میں اس اسم طلائی کو بو رنگ اور وہ نقش دیکھے۔ چند روز میں وہ نور خیال شکل ہوگا۔ اس حالت میں سالک اپنے آپ کو اس نقش کے مقابل یا بجانب تحت یا بطرف یمین و شمال سمجھے گا۔ اس وقت سالک کو لازم ہے کہ بہت جد و جہد کر کے اپنے آپ کو اس نور ذات تک پہنچائے۔ اس کو سیر الی اللہ کہتے ہیں۔ اور جب اپنے آپ کو درمیان الف و لام کے دیکھے تو پھر اس سے ترقی کر کے اپنے آپ کو درمیان ہر دو لام کے پہنچا دے۔ پھر یہاں سے بھی بہت تمام ترقی کر کے حلقہ ہا میں پہنچ جائے۔ ابتدائے سیر و سلوک سالک اپنے سر کو حلقہ ھا میں داخل پائے گا۔ آخرکار اپنے جسم کو حلقہ ھا میں پائے گا۔ اس وقت سالک جمیع آفات و بلیات و خطرات سے محفوظ ہو کر اللہ تعالیٰ کو دیکھے گا۔ اس کا نام سیر فی اللہ ہے اور جب قطرہ دریا میں فانی ہو وہ نور آفتاب ذاتی سے منور ہو کر اور پھر اس مقام عالی سے نیچے پایۂ اسفل کی جانب نزول کرے گا۔ تو اس وقت اپنے ابنائے جنس کو اپنے ہمراہ عروج و نزول کرائے گا پس اس آمد و رفت عروج و نزول کو سیر عن اللہ باللہ کہتے ہیں۔

شغلِ آئینہ

ایک بڑے آئینے کو اپنے روبرو رکھے لیکن نظر سے ذرا بلند ہو۔ اور ٹکٹکی باندھ کر آئینہ کو دیکھنا شروع کرے۔ اور پلک نہ مارے۔ اور یا حی یا قیوم یا معبود کو دل میں پڑھتا رہے۔ اور وقت کو بڑھائے۔ یہاں تک کہ کم از کم تین گھنٹہ کی نوبت کو پہنچے۔ اور اپنی پتلی یعنی مردم چشم پہ نگاہ کو قائم رکھے ہر گاہ کہ طالب کی نگاہ مردم چشم کی مردمک پر پڑے گی۔ اس وقت جو حال وارد ہوگا

اس کا بیان میں نہیں کر سکتا۔ ہاں اتنا کہتا ہوں کہ آنکھوں کی شعاعیں معبود کی کے مقام کے نقطہ رخصتی میں داخل ہو کر سویدا قلب میں قائم ہوں گی اور نقشہ کا ایک جوہر ہے گا

شغلِ میت

اس کا طریقہ یہ ہے کہ بغیر بالین زمین پر مثل مردہ چت لیٹ جائے اور خیال کرے کہ میں مردہ ہوں اور موت کو یاد کر کے خاموش پڑا رہے۔ پھر یہ خیال کرے کہ میرے پیروں سے جان نکل کر زانوؤں میں آ گئی اور اب زانوؤں سے ناف میں اب کمر میں اور اب سینہ میں اور اب گلے میں اور اب نکل گئی اسی طرح ہر روز تصور اور وقت کو بڑھاتا جائے اور دل میں تصور لا الٰہ الا ھو کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ کا کرے چند روز کے بعد موت طاری ہونے لگے گی۔ اور عجیب و غریب حالات پیش آویں گے۔ اور اگر منظور خدا ہوا۔ تو چند عرصہ کے بعد موت اور حیات دونوں یکساں ہوں گی اور موتوا قبل ان تموتوا کا مرتبہ حاصل ہو کر موت اور حیات دونوں ایک ہوں گی مگر وقت بہت بڑھائے دم زیادہ دیر نہ کرے۔ میرے ایک دوست لا الٰہ الا ھو کل شیء ھالک الا وجھہ کو پڑھتے تھے۔ اور یہی تصور کرتے تھے اس کی حالت مجذوبی سی ہو گئی تھی۔ کھانے پینے سے بالکل بے نیاز ہو گئے تھے

شغلِ اسمِ ذات

یہ طریقہ نہایت ہی آسان اور مجرب ہے۔ کیونکہ اس ناچیز نے اس کو کئی بار کیا اور کبھی خطا نہیں گیا۔ اور آج تک اس کے برابر کوئی شغل یا وظیفہ نہیں دیکھا کہ جو بالکل برہنہ کر دے اور اس ناچیز نے اس شغل سے جو حاصل کیا اس کو زبان بیان کرنے سے قاصر ہے جو کرے گا وہ خود مشاہدہ سے آگاہ ہوگا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اسم ذات یعنی اسم اعظم اللہ کو ایک کاغذ کے پرزے پر لکھ کر اپنے سامنے رکھے۔ اور بعد نماز عشاء کے اس کی طرف متوجہ ہو کر پہلے روز برابر پانچ منٹ تک دیکھتا جاوے۔ اور اسم اعظم اللہ کو دل میں پڑھتا جاوے مگر یہ یاد رہے کہ خشوع و خضوع سے پڑھے خیالات کو کسی دوسری طرف مشغول نہ ہونے دے اور اور ہر روز وقت بڑھاتا جاوے۔ یہاں تک کہ ایک گھنٹہ تک عمل کرے جب تعداد یک ساعت کو پہنچے گی۔ تو مشاہدات شروع ہوں گے۔ اتنی قوت پیدا ہوگی۔ کہ عامل خود حیران

http://www.Mypdfsite.com
Urdu Books, English Books and Old pdf books download

کرکے الٰہ الا ھو اس طرف آسمان کے کوئی شی [illegible] اور تب [illegible]
اسی طرح تیار صد بار ہر روز اس ذکر کو کرتا رہے [illegible] سے [illegible] شروع [illegible]
مگر کسی کے پاس کوئی اسرار ظاہر نہ کرے

شجرہ طیبہ

خاندانِ عالیہ چشتیہ نظامیہ

بعد حمدِ خالق و نعت شفیع المذنبین ‌ ‌ ‌ حمن کا ہوں شجرہ لکھنے کو فریب الیقین
اے قلم سر کو جھکا حمد و ثنا کیواسطے ‌ ‌ ‌ نغمہ گا ہو نعت مصطفےٰ کیواسطے
یاالٰہی کشتی مسکین ہے گرداب میں ‌ ‌ ‌ پار کر دیجے محمد مصطفےٰ کیواسطے
یاالٰہی شوق اپنا کر عطا رنجور کو ‌ ‌ ‌ سرور اخیار حیدر مرتضیٰ کیواسطے
ہوں میں دربار پر تیری مدت سے یارب مستمند ‌ ‌ ‌ کر روا حاجت علی مشکل کشا کیواسطے
یاالٰہی روشنی دل کی مجھکو کر عطا ‌ ‌ ‌ حسن بصری نور چشم مرتضیٰ کیواسطے
کر مجھے اپنی ہدایت آخری دم تک نصیب ‌ ‌ ‌ شیخ عبدالواحد بن زید ال[illegible] کیواسطے
شغل میرا یاد تیری روز و شب ہوائے غطا ‌ ‌ ‌ خواجہ فضیل بن ایاض [illegible] کیواسطے
یاالٰہی بادشاہی دین و دنیا میں مجھکو کر عطا ‌ ‌ ‌ شاہ ابراہیم ادھم [illegible] کیواسطے
مجھکو رکھ اپنی اطاعت میں ثابت قدم ‌ ‌ ‌ خواجہ سدید الدین حذیفہ پیشوا کیواسطے
بخش دے جو عیب ہیں میرے اے رب غفور ‌ ‌ ‌ خواجہ ہبیرہ بصری [illegible] کیواسطے
یاالٰہی دین و دنیا میں مرا دل شاد کر ‌ ‌ ‌ خواجہ ممشاد علو دینوری رہنما کیواسطے
کر مجھے یکتا جہاں میں عابد و زاہد [illegible] ‌ ‌ ‌ شیخ ابو اسحاق قطب چشتیا کیواسطے
دنیا کی آلائشوں سے کر مجھے تو پاک صاف ‌ ‌ ‌ خواجہ ابدال احمد باصفا کیواسطے
کر مشرف مجھکو نور دین سے اے ذوالعطا ‌ ‌ ‌ خواجہ بو محمد چشتی مقتدا کیواسطے
ہو رسائی یا خدا میری بھی تا بزم رسول ‌ ‌ ‌ خواجہ ابو یوسف پارسا کیواسطے
دے مجھے جام حقیقت سے حیات دائمی ‌ ‌ ‌ خواجہ مودود چشتی رہنما کیواسطے

رہ جائے گا۔ اور عامل جس شخص کی طرف نگاہ شفقت سے دیکھے گا۔ وہ باذن اللہ تمام عمر حلقہ بگوش رہے گا۔ اور جس شخص کی طرف غصہ و غضب سے دیکھے۔ وہ باذن اللہ ہلاک ہو گا۔ اور جس بیمار کی طرف نظر رحمت اٹھا کر دیکھے گا وہ خدا کے حکم سے شفایاب ہو گا اگرچہ کوئی کیسا ہی مریض کیوں نہ ہو۔ اس کے علاوہ اپنے اندر وہ روحانی حالت پیدا ہوگی کہ جس کو زبان بیان نہ کر سکیگی۔

شغلِ آفتابی

اس کی ترکیب یہ ہے کہ اول ایک عدد ٹوپی روئی دار ایسی سلوائے کہ جس میں سوائے دو سوراخ دونوں آنکھوں کے ہوں۔ اس کے سوا اس میں مزید سوراخ نہ ہوں۔ اور ابتدائے موسم سرما میں اس شغل کو شروع کرے اور تو چندہ چہارشنبہ ہو۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ بوقت طلوع آفتاب بہ مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو جائے۔ اور ٹوپی چڑھا کر آفتاب کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھے یعنی پلک نہ جھپکے اور دیکھتے وقت دل میں تصور یا حیی یا قیوم کا رکھے اور زبان سے بھی کر یا حیی یا قیوم کا رہے۔ اور ہر روز وقت کو بڑھاتا جاوے۔ چند روز کے آفتاب کا قرص سیاہ ہو کر چکر کھاتا ہوا نظر آنے لگے گا۔ اور ہر روز قریب آتا جائے گا۔ یہاں تک کہ عرصہ تین ماہ میں منہ سے داخل ہو کر قلب میں قیام کرے گا۔ اس وقت عامل سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہوگی۔ انکشافات و اسرار عامل پر ظاہر ہوں گے۔ مگر دوران عمل پرہیز جمالی ہر گز نہ کرے اور ترک حیوانات جلالی و جمالی کا پرہیز رکھے اور آنکھوں میں سکہ کا ذکر لگاتا رہے تاکہ نظر پر برا اثر نہ پڑے۔ بے شمار اسرار ظاہر ہوں گے۔ مگر کسی پر اپنی کیفیت ظاہر نہ کرے۔ ورنہ تمام عمل بے سود ہو جائے گا۔ اور تمام محنت رائیگاں ہوگی۔

نوٹ۔ مزید اشغال سلسلہ گان چہل سالہ رخظام میں ملاحظہ فرمادیں۔

ذکرِ فنا فی اللہ

یہ ذکر بہت ہی موثر اور مفید ہے۔ مگر عیال دار تو بھی اس ذکر کو ہرگز ہرگز نہ کرے۔ کیونکہ اندیشہ ہو کہ بال بچوں سے بے نیاز ہو کر جنگل کی راہ لے یا ان سے بیگانہ ہو کر ان کا خیال ہی چھوڑ دے۔ اس ذکر کا طریقہ یہ ہے کہ دوزانو بیٹھ کر دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں زانوؤں پر رکھے اور جسم کو سیدھا کر کے متوجہ بہ قلب ہو کر لا کو ناف سے کھینچے اور کتف راست کی طرف سر کو بلند

http://www.Mypdfsite.com

حج اکبر کی شرافت سے مجھے کر سرفراز — خواجہ حاجی شریف زندنی باخدا کیواسطے
دین و دنیا کی مرادیں ہوں مجھے حاصل تمام — خواجہ عثمان ہارونی ابی اللہ کیواسطے
کر مری حاجت روا دو پیر ترے ہوں ملتجی — خواجہ معین الدین پیر چشتیا کیواسطے
یاالٰہی کر مجھے اپنے قطبوں میں قبول — خواجہ قطب الدین کاکی باصفا کیواسطے
یاالٰہی کر کرم گنج حقیقت کھول دے — بابا فریدالدین گنجشکر زہد الاولیا کیواسطے
کر محبوب اپنا بے ریا اے رب کریم — خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی پیر کیواسطے
یاالٰہی دل کو روشن کر دے نور دین سے — حضرت نصیرالدین چراغ الاولیا کیواسطے
کر مجھے کامل ہدایت میں کمال ذوالجلال — حضرت خواجہ کمال الدین کمال صفا کیواسطے
گنج دنیا کی بجائے عشق اپنا کر عطا — حضرت سراج الدین ظل الٰہ کیواسطے
علم عرفاں دے مجھے اے رب کریم — خواجہ علم الحق علم الہدیٰ کیواسطے
ہوں اسیر رنج یارب کھول دے مشکلیں — خواجہ محمود راجن باصفا کیواسطے
کر جمال خاص سے یارب میرا معمور دل — خواجہ جمال الدین جمن پرضیا کیواسطے
دے مجھے عظمت جہاں میں اے خداوند کریم — حضرت خواجہ حسن محمد پیشوا کیواسطے
جنت الفردوس مجھکو آخرت میں ہو عطا — خواجہ شیخ محمد پارسا کیواسطے
پردہ دوئی مرے دل سے سراسر رفع ہو — حضرت یحییٰ مدنی مرد مقتدا کیواسطے
دے مجھے اپنی محبت عشق کا جام صبوح — خواجہ کلیم اللہ دہلوی باصفا کیواسطے
یاالٰہی بخش مقبولیت دنیا و دین — خواجہ نظام الدین مقبول خدا کیواسطے
الفقر فخری والفقر منی کے راز سے آگاہ کر — پیر فخرالدین فخر جہاں کیواسطے
یاالٰہی نور حق سے مجھے آگاہ کر — قبلہ عالم نور محمد رہنما کیواسطے
اک مجھے جلوہ دکھا اپنے جمال نور سے — حافظ جمال اللہ ملتانی پیشوا کیواسطے
اپنے اسرار وحدت سے مجھے کر بہرہ ور — خواجہ خدابخش خیرپوری پارسا کیواسطے
دور کر دنیا کی الفت اور ذوق یاد دے — خواجہ محمد موسیٰ پاک خوش لقا کیواسطے
مشکلیں ہر ایک مومن کی سبھی آسان کر — خدابخش ملتانی حق نما کیواسطے
کر صبر مجھکو عطا اور رنج و غم سب دور کر — خواجہ نظام بخش پرضیا کیواسطے
ذات جن کی تھی مبارک رونق ملتان شریف — خواجہ حسین بخش [illegible] کیواسطے

آج جن کے دم سے ہے [illegible] برملا — حضرت خواجہ محمد [illegible] کیواسطے
مجھ گدا کو یا خدا خالی نہ رکھ مقصد دے — خواجہ میاں محمد صدیق چشتی [illegible] کیواسطے
یاالٰہی ان کے قدموں میں میرا ہو خاتمہ — بادشاہ کشور [illegible] کیواسطے
عاصی و گمراہ ہوں رہنمائی کر مری — معاف کر [illegible] کیواسطے
یاالٰہی پختہ رکھ میرا عقیدہ [illegible] پر — کر گشادہ دل [illegible] کیواسطے
رکھ میرا ایماں سلامت خاتمہ باخیر کر — [illegible] کیواسطے
رکھ عبادت میں ہمیشہ مجھ کو ثابت قدم — [illegible] کیواسطے
یاالٰہی پوری کر سب کے دل کی آرزو — دونوں ہاتھوں [illegible] کیواسطے
یاالٰہی رحم کر مجھ بے کس و لاچار پر — کل خاندان چشتیہ [illegible] کیواسطے
میں ہوں عاصی پر خطا جاؤں کہاں تیرے بغیر — میں خطا کیواسطے [illegible] کیواسطے
میں نہیں عاشق ترا تو مدعا میرا ہے — ترے دربار [illegible] کیواسطے

حاضرین آمین کہیں آداب حق لا کر بجا
سب فرشتے آ رہے ہیں مرحبا کیواسطے

التجائے نذیر

الٰہی بہر محمد و حسن و حسین الزہرا مدد کن — اے حبیب کبریا رحمۃ العالمین بہر خدا مدد کن
یا علی مرتضیٰ شیر خدا امام اولیا مشکل کشا — کن مشکل باز خدا بہر مصطفےٰ امداد کن

یا غوث معظم نور الہدیٰ مختار خدا و مصطفےٰ امداد کن
یا خواجگان چشت اہل بہشت بہر خدا و مصطفےٰ امداد کن

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

شجرہ شریف
خاندان عالیہ چشتیہ نظامیہ حسینیہ

پیش کرتا ہوں خدا تجھکو ترا واسطہ | حضرت احمد محمدؐ مصطفےٰ کا واسطہ
مظہرِ اوصاف عثمانؓ اور صدیقؓ و عمرؓ | حضرتِ مولیٰ علی المرتضےٰ کا واسطہ
حضرت خواجہ حسنؒ اور عبد واحد شہ فضیلؒ | شیخ ابراہیم بلخیؒ بادشاہ کا واسطہ
شہ سدید الدینؒ حذیفہ شہ امین الدینؒ ہبیر | حضرت ممشاد عالیؒ مرتبت کا واسطہ
شیخ ابو اسحاق چشتی اور ابی احمدؒ ولی | بو محمدؒ شیخ مقبول خدا کا واسطہ
شیخ ابی یوسفؒ اور مودودؒ حاجی زمانیؒ | ہر ولی عثمانؒ ثانی باحیا کا واسطہ
خواجۂ کل خواجگاں خواجہ معین الدینؒ حسن | شیخ قطب الدینؒ قطب چشتیہ کا واسطہ
حضرت بابا فریدالدینؒ فرید الاولیاء | شہ نظام الدینؒ محبوب خدا کا واسطہ
شہ نصیر الدینؒ خواجہ شہ کمال الدین پیر | شہ سراج الدینؒ سراج الاتقیا کا واسطہ
شیخ علم الدینؒ محمودؒ و جمال الدینؒ حسنؒ | شہ حسنؒ خواجہ محمد پیشوا کا واسطہ
حضرت یحییٰ مدنیؒ اور کلیم اللہ شیخ، | شہ نظام الدینؒ ثانیؒ پارسا کا واسطہ
فخرِ اول فخرِ آخر شہ محمد فخر دیںؒ | فخر با نور محمد رہنما کا واسطہ
حافظِ دین و دنیا حافظ جمال اللہؒ پیر | حضرت خواجہ خدا بخشؒ اولیا کا واسطہ
فانی فی اللہ باقی باخدا عز و جل | شیخ موسیٰ پاکؒ صاحب باخدا کا واسطہ
حضرت خواجہ خدا بخشؒ اولیاء ثانی بزرگ | شہ نظام بخشؒ صاحب باصفا کا واسطہ
حضرت خواجہ حسین بخشؒ اویس ملتان | شیخ اکمل فخر چشتی سلسلہ کا واسطہ
انبیاء و اولیائے نقشبندی قادریؒ | اور اویسیؒ سہروردی چشتیہ کا واسطہ

کام نیک انجام سب کا خاتمہ بالخیر ہو
حافظِ عاصی ہے دیتا تجھکو تیرا واسطہ

از قلم حضرت خواجہ حافظ محمد خدا بخش صاحب ملتانی

شجرہ شریف خاندان عالیہ چشتیہ نظامیہ

زہے شانِ خدا ہستیم محمد مصطفےٰ ہستیم | ابوبکر و عمر و عثمان علی المرتضےٰ ہستیم
حسن جان سلاسل را ابو واحد عبد ہستیم | فضیل و شیخ ابراہم کہ سلطان اولیا ہستیم
سدید الدین امین الدین بممشاد اولیا ہستیم | ابی اسحاق ابی احمد بناموس آمدیش ہستیم
ابی یوسف ہم مودود بحاجی پارسا ہستیم | بحضرت خواجہ عثمان کو غنی باحیا ہستیم
معین الدین حسن خواجہ بقطب چشتیا ہستیم | فرید الدین نظام الدین چراغ مصطفےٰ ہستیم
کمال الدین سراج الدین بعلم الدین یحییٰ ہستیم | بمحمود جمال الدین حسن راہِ ہدیٰ ہستیم
محمد نیز یحییٰ را کلیم باصفا ہستیم | نظام الدین ثانی را بفخر سلسلہ ہستیم
بحضرت قبلۂ عالم جمال حق نما ہستیم | بمحبوب خدا خواجہ خدا بخش اولیا ہستیم
بموسیٰ پاک ملتانی نقائے کبریا ہستیم | خدا بخش اولیاء نظام الاصفیا ہستیم
حسن ہیبت بصورت ہم حسینت برملا ہستیم | ہمہ را من ہمے بینم ہمہ روئے وثنا ہستیم
قدت نخیل مراد ما ثمر گفتار ہا ہستیم | قدم برکات ابات بدست کار عطا ہستیم
دلت مخزن علوم کل سرت پر راز ہا ہستیم | لبت یحییٰ العظام اند و شکر تر تفضا ہستیم
سنانی در دنہ گہر ابیض لسان مشکل کشا ہستیم | عینت کاسہ نرگس بخط تیغ ہا ہستیم
جبینت مطلع انوار خطوطش برج ہا ہستیم | شب گیسو خدا تبرا بہم صبح و مسا ہستیم

رخت مجموعہ خوبی جہاں بروے فدا ہستیم
بشانت دم محمد حافظ جہاں مست سرہستیم

ایک سو ایک ۱۰۱ اقوال بزرگان دین

۱۔ شیطان ایک سجدے کے انکار سے مردود ہوا بے نماز ہیتر سجدوں کا روزانہ نافرمان ہوتا ہے

ہے شیطان ہزار مرتبہ بہتر ز بے نماز کو سجدہ پیش آدم و این پیش حق نکرد

۲۔ عالموں سے انصاف حاصل کرنے کے لئے تین چیزیں درکار ہیں۔ عمر نوح، گنج قارون، صبر ایوب

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

۳۔ عورت کی خوبی دو باتوں میں ہے (۱) اس کو کوئی نامحرم نہ دیکھے ، (۲) وہ کسی نامحرم کو نہ دیکھے۔

۴۔ اے بیٹے تو اپنی اولاد کو جب چھ برس کی ہو جائے حکم کر وہ اپنی اولاد کو نماز کا۔ جب سات برس کی ہو جائے بچھونا جدا کر دو اپنی اولاد کا۔ جب وہ نو برس کی ہو جائے نگاہ رکھو اپنی اولاد کی حرکات و سکنات پر جب وہ بارہ برس کی ہو جائے۔ نکاح کر دو اپنی اولاد کا جب وہ سولہ برس کی ہو جائے۔

۵۔ دنیاوی راحت کے چھ درجے ہیں (۱) پہلی راحت صحت جسمانی (۲) دوسری دولت کی فراوانی (دخالی قرض)

(۳) تیسری راحت زن فرمانبردار سلیقہ شعار (۴) چوتھی راحت پسر خدمت گزار (۵) پانچویں راحت حکومت وقت میں عہدہ والا (۶) چھٹی راحت شہر میں قیام و قرار یعنی گھر بار۔ ان راحت کی یہ ترتیب اس قدر اکمل ہے۔ کہ اس میں کسی اور درجے کی مطلق گنجائش نہیں ہے۔

۶۔ تین شخص سب سے زیادہ مغضوب ہیں (۱) فقیر متکبر (۲) بڈھا زانی (۳) بدکار عالم (حضرت علی)

۷۔ دو چیزوں کی زیادتی قیمت کا خیال نہ کرو (۱) کتاب اگر دل پسند ہو (۲) (۲) اگر نادانہ مند ہو۔

۸۔ آدمی تین ہی اچھے ہیں۔ ایک وہ جو مر گیا۔ دوسرا وہ جو ابھی پیدا نہیں ہوا تیسرا وہ جس کو تشخیص نہیں

۹۔ پانچ چیزیں زیادہ تکلیف دہ ہیں جذام کوڑھ کا مرض (۲) برے کا قرض (۳) حاکم ستمگار۔ (۴) بھوکا گھنوار (۵) جاہل عہدیدار۔

[illegible stamp]

۱۰۔ قومی ترقی کے چار اسباب ہیں۔ (۱) اتحاد (۲) دولت (۳) علم (۴) طاقت

۱۱۔ دو چیزیں

۱۲۔ جس مجلس میں ذکر خدا ہو بیٹھ جا۔ شاید کہ اس رحمت میں تجھ کو بھی کچھ حصہ ملے۔ اور جس مجلس میں غفلت دیکھے۔ اس سے دور بھاگ۔ ایسا نہ ہو کہ تو بھی گرفتار عقوبت ہو جائے۔

۱۳۔ وہ بات جو دشمن سے پوشیدہ رکھے۔ دوست سے بھی وہ پنہاں رکھ۔ ممکن ہے۔ یہ بھی کسی دن دشمن ہو جائے۔

۱۴۔ لوہے کا کلہاڑا لکڑی کے جنگل سے ایک چھلکا تک نہیں اتار سکتا۔ جب تک اس کے ساتھ خود لکڑی کا دستہ شامل نہ ہو (یعنی اپنے ہم جنس سے ہی نقصان پہنچتا ہے)

۱۵۔ کسب نہ کرنا محتاجی لاتا ہے۔ اور محتاجی دین کو تنگ۔ عقل کو ضعیف اور مروت کو زائل کرتی ہے۔

۱۶۔ حسد سے تو اوروں کے نقصان کا قصد کرتا ہے۔ لیکن درحقیقت تو اپنے دین کی نعمت کھوتا ہے،

۱۷۔ تمام اقوال میں سے مجھے چار کلمے پسند ہیں۔ دو یاد رکھنے اور دو بھول جانے کے قابل ہیں خدا اور موت کو یاد رکھو۔ اپنی نیکی اور دوسرے کی بدی کو بھول جا۔

۱۸۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، لوگوں سے دور رہ۔ تاکہ تیرا دل سلامت اور نفس پاکیزہ رہے اور حق راحت پائے

۱۹۔ جاہلوں کی صحبت سے پرہیز کر اب نہ ہو کہ تجھ میں [illegible]

۲۰۔ اس وقت تو صحیح معنوں میں انسان کہلانے کا مستحق ہے جب کوئی چیز [illegible] آخرت سے زیادہ محبوب تر نہ ہو۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص اپنی دولت پر فخر کرے تو اس کی تعریف نہ کر جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ وہ دولت کو کس طرح کام میں لاتا ہے۔

۲۲۔ ایک روز اس کی بیوی پیچھے تو کچھ برا بھلا کہتی رہی۔ [illegible] ہوئی دیگچی اس کے سر پر پھینک ماری۔ تو اس نے [illegible]

۲۳۔ ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ موت سے بھی سخت تر کوئی چیز ہے [illegible] ہر قسم کے رنج و غم اور مصیبتیں زندگی میں برداشت کرنا پڑتی ہیں۔ [illegible] والی ہے۔

۲۴۔ عالم دین کا طبیب ہے۔ اور مال دین کا مرض۔ جب طبیب خود مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے تو اس سے دوسروں کا علاج نہیں ہو سکتا۔

۲۵۔ ایک آدمی ہمیشہ صوفیائے کرام کا انکار کرتا تھا۔ ایک روز حضرت [illegible] نے اس کو انگشتری دی اور فرمایا۔ کہ اسے نانبائی کے پاس لے جا۔ [illegible] وہ آدمی اس انگشتری کو لے گیا۔ نانبائی نے اس کو کہا کہ میں ایک درم سے زیادہ نہیں دے سکتا۔ وہ آدمی واپس لے کر پھر آپ کی خدمت میں آیا۔ آپ نے فرمایا اسے صراف کے پاس لے جا۔ اور اس کی قیمت دریافت کر۔ وہ آدمی انگشتری صراف کے پاس لے گیا۔ صراف نے [illegible] اس کی قیمت بتائی۔ وہ پھر آپ کی خدمت میں واپس آیا۔ آپ نے فرمایا۔ آپ نے فرمایا۔ [illegible] صوفیائے کرام کے متعلق نانبائی کے علم کی طرح ہے۔ جو اسے انگشتری کے متعلق تھا [illegible] اس نے توبہ کی۔ اور اس تکبر و انکار سے نکل گیا۔

۲۶۔ حضرت احمد بن حربؒ کی زیارت کے لئے چند سادات نیشاپور آئے آپ کا ایک [illegible] رند تھا۔ جو مستی کی حالت میں رباب لئے گھر سے نکلا اور نہایت بے پروائی کی اور سے ان سادات کے سامنے سے گذرا۔ اور ان سادات کا کچھ پاس و لحاظ نہ کیا۔ تمام سادات اس بات سے [illegible] ملول ہوئے۔ آپ نے جب یہ حالت دیکھی تو ان سادات سے معذرت طلب کی۔ اور کہا کہ ایک دن میں نے ایک پڑوسی کے ہاں سے کھانا کھایا تھا۔ اور اسی رات گھر میں خلوت کا

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

۴۷. اپنے آپ کو سب سے بہتر سمجھ لینا جہالت ہے۔ بلکہ ہر شخص کو اپنے سے بہتر سمجھنا چاہیے

۴۸. خاموشی عبادت بغیر محنت کے، ہیبت ہے بغیر سلطنت کے، قلعہ ہے بغیر دیوار کے، تنہائی ہے بغیر ہتھیار کے، آرام ہے کراماً کاتبین کا، تکیہ ہے مومنین کا، شیوہ ہے عاجزوں کا، وہ ہے حاکموں کا، خزانہ ہے حکمتوں کا، جواب ہے جاہلوں کا۔ (امام غزالی)

۴۹. نکاح دین کا حصار ہے، اور شہوت شیطان کا ہتھیار ہے۔ نکاح اس کے شر سے بچانے والا ہے

۵۰. نکاح نہ کرنے والا اگر شرمگاہ کو بچائے مگر دل کا اور نظر کا بچانا اس کو محال ہے

۵۱. مال حرام سے صدقہ دینے والا ناپاک کپڑا پیشاب سے دھونے والے کی مثل ہے۔

۵۲. اگر مستجاب الدعوات بننا چاہو تو لقمہ حلال کے سوا پیٹ میں کچھ نہ ڈالو۔

۵۳. اگر اتنی قدر نماز پڑھے کہ پشت خم ہو جائے اور اس قدر روزے رکھے کہ بدن بال کی طرح ہو جائے ہرگز فائدہ نہ پائے گا۔ تاوقتیکہ مال حرام سے پرہیز نہ کرے گا

۵۴. بازار میں ذکر الٰہی میں مشغول ہونا مردوں میں زندہ کی مثل، منفردوں میں غازی کی مثل اور خشک درختوں میں سرسبز کی مثل ہے۔

۵۵. فرمایا درویشی یہ ہے کہ کسی چیز کا طمع نہ کرے۔ جب بے طلب کوئی لائے تو منع نہ کرے اور جب لے لے تو جمع نہ کرے۔ لا طمع ولا منع ولا جمع۔

۵۶. اگر تم دولت میں لوگوں سے نہیں بڑھ سکتے۔ تو خندہ پیشانی و حسن خلق میں ہی بڑھ جاؤ۔

۵۷. حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں۔ کہ اگر نعمت دنیا بلا آمیزش تکلیف ہوتی۔ تو دنیا ہی جنت ہوتی۔

۵۸. حضرت مالک بن دینار فرماتے ہیں جس دل میں غم نہ ہو وہ بگڑ جائے گا۔ جیسا کہ گھر اگر اس میں رہائش نہ ہو تو بگڑ جاتا ہے۔

۵۹. حضرت عبداللہ بن سلامؓ فرماتے ہیں کہ نبی نے معیشت کی شکایت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کی۔ اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی۔ تو کیا کہ میری شکایت کرے گا۔ میں شکایت اور مذمت کے قابل نہیں ہوں میرے کام کا ابتداء عالم الغیب میں اسی طرح تھا۔ پس تو کیوں میرے اعلیٰ انتظام پر اعتراض کرتا ہے کیا تو چاہتا ہے کہ تیری خاطر دنیا کو بدل ڈالوں۔ لوح محفوظ میں ردوبدل کروں۔ اور جو تو چاہے پورا کروں۔ اور اپنی مرضی نہ کروں۔ جیسے تو چاہے وہ ہو جائے اور جو میں چاہوں وہ نہ ہو۔ مجھے اپنی عزت کی قسم ہے۔ اگر تیرے سینے میں پھر یہ بات کھٹکے تو میں تجھے نبوت سے محروم کر دوں گا۔ اور میں تجھے دوزخ میں ڈال دوں گا۔ اور مجھے کچھ پرواہ نہیں۔

۶۰. شیخ ابویزید بسطامیؒ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے چار چیزوں کو دنیا میں عمدہ پایا۔ اول علم صحیح دوم یار موافق سوم طاعت بے ریا چہارم لقمہ حلال

۶۱. حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ خالی پیٹ شیطان کا قید خانہ ہے اور بھرا ہوا پیٹ اس کی گذرگاہ ہے

۶۲. حضرت خواجہ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ کتے میں دس ایسی عمدہ خصلتیں ہیں کہ وہ ہر مومن کو اختیار کرنی چاہئیں۔ (۱) وہ بھوکا رہتا ہے۔ یہ آداب صالحین کا ہے اور تھوڑی چیز پر قناعت کرتا ہے یہ علامت صابرین سے ہے (۲) اس کا کوئی مکان نہیں ہوتا۔ یہ علامت متوکلین سے ہے (۳) وہ رات کو بہت ہی کم سوتا ہے۔ یہ صفات شب بیداری و علامت محبین ہے (۴) جب مرتا ہے تو کوئی میراث نہیں چھوڑتا۔ یہ صفات زاہدین سے ہے (۵) یہ اپنے مالک کو نہیں چھوڑتا گو کہ اس پر جفا کرے۔ اور اس کو مارے۔ یہ علامت مریدین صادقین سے ہے (۶) ادنیٰ جگہ پر ہی راضی ہو جاتا ہے یہ علامت متواضعین سے ہے۔ (۷) اس کی جائے رہائش پر کوئی غالب ہو جاتا ہے۔ تو اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ اور دوسری جگہ چلا جاتا ہے یہ نشان راضیین سے ہے (۸) اس کو ماریں اور پھر ٹکڑا ڈالیں تو فوراً آ جاتا ہے۔ اور کینہ نہیں رکھتا۔ یہ علامت خاشعین سے ہے (۹) کھانا سامنے رکھا ہوا دیکھتا ہے۔ تو دور ہی بیٹھا رہتا ہے۔ یہ علامت مساکین سے ہے (۱۰) کسی مکان سے کوچ کر جاتا ہے۔ پھر اس کی طرف التفات نہیں کرتا۔ یہ علامت مجردین سے ہے

اے عزیز قناعت کا سبق کتے سے حاصل کر۔ تو نے اکثر دیکھا ہوگا کہ شکاری کتوں کو جب گلی کوچوں کے کتے دیکھتے ہیں۔ تو ان پر بھونکتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ اے سگو تم نے عمدہ عمدہ اور لذیذ کھانوں کی طرف رغبت کی تو تم زنجیروں کے ساتھ قید ہو گئے۔ اگر تم بھی ہماری طرح گری پڑی اور روکھی سوکھی چیزوں پر قناعت کرتے تو ہماری طرح کھلے اور آزادانہ زندگی بسر کرتے

۶۳. حضرت عبداللہ بن سلامؓ نے لکڑیوں کا گٹھا اٹھایا ہوا تھا۔ لوگوں نے عرض کیا۔ کہ آپ کے یہاں تو بہت نوکر تھے جو لکڑیوں کو اٹھاتے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نفس کا امتحان لینا چاہتا ہوں۔ کہ اس کام کو کسر شان تو نہیں سمجھتا۔

۶۴. حضرت ضحاکؒ بن مزاحم فرماتے ہیں۔ میں ایک رات کا عمل ایسا تلاش کرتا رہا جس سے بادشاہ راضی ہو اور اللہ تعالیٰ خفا نہ ہو۔ لیکن نہیں ملا۔

۶۵. ایک بزرگ کی آنکھیں جاتی رہیں۔ چونکہ مستجاب الدعوات تھے۔ لوگ ان کے پاس دعائے خیر کے واسطے آتے کسی شخص نے کہا کہ آپ اپنی آنکھوں کے لیے دعا کیوں نہیں کرتے۔ آپ نے ہنس کر

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

نزدیک لاکھوں کے مہیا ہونے سے بہتر ہے
فرمایا ہمیشہ اللہ پاک کی رضا جو ہے

۶۶. حضرت ابو حازمؒ فرماتے ہیں تیرا کیا حرج ہے اگر تجھے کوئی نہ پہچانے جب کہ تو اللہ کے نزدیک معروف و مقبول ہے۔ تیرا کیا نقصان ہے اگر تیری تعریف نہ کی جائے جب کہ تو اللہ کے نزدیک محمود ہے۔ تجھے کیا نقصان ہے اگر تو دنیاوی حالات میں شکست کھاتا ہے۔ جب کہ تو اللہ کے نزدیک مظفر و منصور ہے۔ تیرا کیا بگڑتا ہے اگر تجھ سے نفرت کی جاتی ہے۔ جب کہ اللہ کے نزدیک محبوب ہے۔

۶۷. حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔ اہل اللہ مال پا کر شرمندہ ہوتے ہیں اور اہل دنیا مغرور و شکر گذار ہوتے ہیں اور یہ غافل۔

۶۸. حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ مومن کا حق پر قائم ہونا اس کے لیے دنیا میں کوئی دوست نہیں چھوڑتا۔ اگر لوگوں کو کوئی نیک بات بتلائے یا برائی سے روکے تو اس کو بڑی تہمتیں لگاتے ہیں اور اس کی عزت خراب کرتے ہیں۔

۶۹. حضرت مسروقؒ سے دریافت کیا گیا۔ کہ مومن کے قاتل کے لئے توبہ ہو سکتی ہے۔ آپ نے فرمایا: جو دروازہ رحمت اللہ نے کھولا ہوا ہے۔ میں اسے بند نہیں کر سکتا۔

۷۰. حضرت رابعہ عدویہ فرماتی ہیں مجھے ثواب کی امید اس وقت ہوتی ہے۔ جب میں اپنے نیک اعمال اور عبادات کو کم خیال کرتی ہوں۔ کیونکہ اس وقت میرا اعتماد محض اللہ کے فضل پر ہوتا ہے نہ کہ اعمال پر۔

۷۱. حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ اگر بنی آدم کے تمام اعمال نیک ہوتے تو اس بات کا تکبر انہیں ہلاک کر دیتا۔

۷۲. حضرت ابراہیم ادہمؒ اپنی دعا میں یوں کہا کرتے۔ اے اللہ جو آسمان کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے۔ دنیا کو ابراہیم سے روکے رکھ۔

۷۳. حضرت علیؓ درہم کو ہاتھ میں لیتے اور فرماتے۔ افسوس تو میرے پاس سے جائے بغیر مجھ کو نفع نہیں دے سکتا۔

۷۴. حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو بڑے آدمی پر رحم نہیں کرتا۔ وہ اس سے بھی برا ہے۔

۷۵. حضرت عبداللہ بن عبدالعزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ اپنی آرزوؤں کو دل ہی میں ڈالو۔ اور

دو لوں ان میں نہ مرنے دو۔

۷۶. ایسے شخص سے بچو جو اپنی برائیاں لوگوں میں بڑے فخر کے ساتھ بیان کرتا ہے۔

۷۷. ایسے لوگوں سے بچو جو اپنی برائیاں بڑے فخر کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ (رواہ [illegible])

۷۸. کسی حالت میں بھی اپنے آپ کو مت گراؤ۔ دیکھو لوگ گرے ہوئے مکان کی اینٹیں بھی اٹھا کر لے جاتے ہیں بس یہ ہی کھڑی ہوئی عمارت کو کوئی بھی ہاتھ نہیں لگاتا۔

۷۹. حضرت اسحٰق بن خلفؒ فرماتے ہیں کہ خائف وہ نہیں جو رو رو کر اپنی آنکھوں کو دکھا لے حالانکہ پھر گناہ کا مرتکب ہو بلکہ حقیقی خائف وہ ہے۔ جو خوف الٰہی سے گناہ ترک کر دے۔

۸۰. حضرت یحییٰ بن معاذؒ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ اگر عبادت حقیقی ہو تو نماز اور روزہ ہی [illegible] ہوتے

۸۱. ایک شخص نے حضرت امام حسن بصریؒ سے کہا۔ آپ مجھے نصیحت فرمائیے۔ آپ نے فرمایا جہاں کہیں ہو اور جس حالت میں ہو۔ اللہ کے حکم کی تعظیم کرو۔ اللہ تمہاری تعظیم کرے گا۔ گناہ سے گریز کرو ورنہ تو اپنے آپ کو آگ میں ڈالنے لگا۔ حالانکہ اگر تو کسی کو آگ میں جلتا دیکھے تو برا مانتا ہے۔ اور اپنے آپ کو دن میں کئی مرتبہ آگ میں ڈالتا ہے۔ اور برا نہیں جانتا۔

۸۲. ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے نصیحت چاہی۔ آپ نے فرمایا جس کو فکر ہوگی خشوع کی توفیق ہوگی۔ بیہودہ گوئی ترک کر دانا ہوگا۔ کم کھا عبادت کی طاقت ہوگی۔ لوگوں کے عیوب کی تلاش نہ کر۔ اپنے عیوب پر مطلع ہوگا۔ اللہ کی ذات میں غور و خوض نہ کر تو شک سے بچے گا۔

۸۳. درحقیقت مردہ وہ ہے۔ جس کے دل میں کسی چیز کا خوف نہ ہو۔ نہ آسمان کا نہ سمندر کا نہ جنگل نہ بیابان کا۔ نہ حاکم کا نہ ٹھاکر کا۔ نہ قیمت کا نہ موت کا۔ نہ سکھ کا نہ دکھ کا نہ ڈر ہو [illegible] خدائے پاک کا۔ ہندی مقولہ ہے۔

ہارے نہ ہمت دسا رہے نہ ہر نام ۔ سوئی جو گذارے جاہ جہاں راکھے رام

۸۴. حضرت امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ کیا کروں تمہارے دل مردہ ہو چکے ہیں جو شخص سویا ہوا ہو وہ ترپانے سے جاگ پڑتا ہے۔ لیکن جو مردہ ہے وہ بیدار نہیں ہوتا۔

۸۵. حضرت بایزید بسطامی قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا۔ کہ میں ایک کام کو سب سے پیچھے خیال کرتا تھا۔ مگر وہ سب سے پہلا کام نکلا۔ وہ کام والدہ کی رضا مندی ہے۔

۸۶. حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ بعض صوفیاء کی ظاہری شان و شوکت دیکھ کر فریب نہ کھانا چاہیے۔ مخلوق کی قبولیت ہرگز کمال کی دلیل نہیں۔ بہت

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

ہے ایسے خفیہ ولی ہیں جن کو کوئی بھی نہیں جانتا اور وہ ان متوفیاء اتقیاء میں ہیں جن کے پاس بجائے خلائق کا ہجوم رہتا ہے۔ اسی طرح بعض قبور پر مخلوق کی کثرت آمد و رفت مشہور کے کمال کی دلیل نہیں۔ کئی انبیاء کی تربتوں کا پتہ ہی نہیں۔ ورنہ کئی انبیاء پر دو چار آدمیوں سے زیادہ لوگ ایمان نہیں لائے۔ پس مخلوق کا زیادہ رجوع ہر گز ولایت کی دلیل نہیں۔ یہ ایک معاملہ ہے جس کی کچھ بھی حقیقت نہیں۔ (حالات و مقالات وغیرہ)

۸۷۔ حضرت عبداللہ انطاکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دل کی دوا پانچ چیزوں میں ہے۔ مردانِ خدا کی صحبت میں۔ قرآن پاک پڑھنے میں۔ پیٹ کو کچھ بھوکا رکھنے میں۔ پچھلی رات جاگنے میں۔ اور عشق الٰہی میں گریہ و زاری کرنے میں۔

۸۸۔ حضرت خواجہ غریب نواز ثانی محمد شاہ بخش ملتانی ارشاد فرمایا کرتے ہیں کہ مرد خدا وہ نہیں۔ جو خاک کو سونا کر دے۔ کیونکہ ایسا تو کیمیا گر بھی کر سکتا ہے۔ اگر مقصد نسخہ کرادے۔ تو ایسا تو کئی اور بھی کرتا ہے۔ جو اس سے بیمار کو شفا ہو جائے۔ تو یہ ایک طبیب اور ڈاکٹر بھی کر سکتا ہے۔ مرد خدا وہ ہے جو بغیر محنت اور مجاہدہ کے ایک نظر میں خدا سے ملا دے۔

۸۹۔ حضرت ابو سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں ایک گناہ کی وجہ سے پانچ ماہ تہجد کی نماز سے محروم کیا گیا۔ کسی نے پوچھا۔ وہ کیا گناہ تھا۔ آپ نے فرمایا۔ ایک عاشق کو روتا ہوا دیکھا تھا۔ میں نے دل میں خیال کیا۔ کہ یہ ریاکاری کا رونا رو رہا ہے۔

۹۰۔ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ جس نے دنیا کو ترک کیا وہ ملک ہو گیا۔ اور جس نے محبت کی وہ ہلاک ہو گیا۔

۹۱۔ حضرت مفسر اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ لوطی تین قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو حسین لڑکوں اور لڑکیوں کی طرف نظر کر کے حظ اٹھانے والے۔ دوسری قسم مس کرنے والے۔ تیسری قسم بدفعلی کے مرتکب ہو کر منہ کالا کرنے والے۔

۹۲۔ شیخ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ انسان مقفل صندوق کی طرح ہیں۔ ان کی چابی تجربہ ہے۔ یا تو کسی دوست کے ساتھ ایک جگہ رہے۔ یا اس کے ساتھ سفر کرے یا اس کے ساتھ روپیہ پیسہ کا لین دین ہو۔ یا تو کسی مصیبت میں مبتلا ہو۔ پس اگر مذکورہ بالا مواقع میں تو اس کا تجربہ کر لے۔ اور وفادار ثابت ہو وے۔ تو اگر وہ تجھ سے بڑا ہے۔ تو اس کو باپ بنا لے اگر چھوٹا ہے۔ تو بیٹا بنا لے اگر ہم عمر ہے۔ تو بھائی بنا لے۔

۹۳۔ حضرت خواجہ فنا فی الرسول رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب چلتا ہے۔ تو ہر طرف دیکھ بھال کر چلتا ہے۔ شیر جب چلتا ہے تو سیدھا چلتا ہے۔ ادھر ادھر نہیں دیکھتا

۹۴۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے فرماتے ہیں کہ ہم سے فرمایا کہ خلیفہ کا بیان اس میں تبدیلی آگئی ہے پہلے وہ کفر میں عزت پاتا تھا اب اسلام میں پاتا ہے

۹۵۔ فرمایا جب بزرگوں کی صحبت میں بیٹھو تو خاموش ہو کر بیٹھو۔ اگر ان کی کوئی بات یا فعل غلط معلوم ہو۔ تو ان پر اعتراض مت کرو۔ تمہاری سمجھ کا قصور ہے

۹۶۔ فرمایا اے طالب صادق تو چیونٹی کی طرح ہے جو ہیر کا شیدا ہے۔ اگر اس کے ساتھ چمٹ جائے گا۔ تو جہاں تک اس کا پرواز ہے۔ تو بھی وہاں تک پہنچے گا

۹۷۔ فرمایا طالب کو امیروں کی صحبت زہر قاتل ہے۔ جو شخص اللہ سے دنیا طلب کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو آخرت سے محروم رکھتے ہیں۔ اور جو شخص لقمہ حرام اور دنیا داروں کی صحبت سے پرہیز نہ کرے۔ اس کو فقیری کا جبہ پہننے کی اجازت نہیں۔

۹۸۔ حضرت خواجہ فنا فی الرسول رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ عشق الٰہی سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں۔ شیخ کا عشق اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عشق اور اللہ تعالیٰ کا عشق ایک ہی چیز ہیں

۹۹۔ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ امیروں کی صحبت فقیروں کیلئے زہر قاتل ہے اور فرمایا۔ امیر لوگوں کی دعوت کھانے سے نسبت باطن خراب ہو جاتی ہے

۱۰۰۔ حضرت جناب حبیب قیوم مولانا مرحوم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی تیرا مرید مرتد ہو جائے یا کوئی دوست یا رشتہ دار دشمن ہو جائے۔ تو غم نہ کر۔ بلکہ خوشی کر۔ کیونکہ وہ کھوٹا جس تھا جس کا دنیا میں ہی پتہ چل گیا۔ اور غدار صاحب دور ہو گیا۔

۱۰۱۔ حضرت خواجہ حافظ محمد دلدار بخش صاحب ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ کہ دانا وہ ہے۔ جو دنیا کو برباد کر کے آخرت کو آباد کرے۔ نہ کہ وہ آخرت کو برباد کر کے دنیا آباد کرے۔

۱۰۲۔ ایک خوبصورت جوان حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس بیٹھا تھا حضرت ملک الموت آئے اور کہا کہ اس کی عمر تھوڑی ہے۔ مگر اس کے بعد چھ مہینے گزر گئے وہ نہ مرا حضرت داؤد علیہ السلام نے ملک الموت سے اس کا سبب پوچھا۔ حضرت ملک الموت نے عرض کی۔ کہ اس نے ایک فقیر کو روٹی دی اور فقیر نے اس کو دعا دی۔ کہ اللہ تیری عمر دراز کرے اور داؤد علیہ السلام کو تبرک دیں کرے اس دعا کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کی عمر بڑھا دی۔

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

۱۰۳۔ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا۔ کہ ہم نے بہت علماء کی تقریریں سنی ہیں لیکن آپ کا کلام اور تقریر سب سے نرالا ہے۔ آپ نے جواب دیا۔ وہ بحر معاملہ و صفا کا ذکر کرتے ہیں اور میں بحر صفا و عشق کا بیان کرتا ہوں۔ آپ سے لوگوں نے پوچھا۔ آپ کی عمر کیا ہے فرمایا چار سال۔ لوگوں نے پوچھا وہ کیسے؟ فرمایا حجاب کا زمانہ داخل عمر نہیں۔ لوگوں نے پوچھا شیخ عالم آپ جوک کی بہت تعریف کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ اگر فرعون بھوکا ہوتا تو کبھی خدائی کا دعویٰ نہ کرتا۔

۱۰۴۔ حضرت سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مجھے الہام ہوا۔ اے غوث بزرگ تو نے ارواح کو دیکھا کہ رقص کرتے ہیں۔ اپنے قالب میں اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے فرمان کے سبب اے عزیز عاشقوں کے ارواح ہمیشہ رقص میں ہو جاتے ہیں۔ اور عاشقوں کے ارواح لیے پرسکون و قرار حرام ہے۔ چونکہ عاشق کلام رب العزت کا سنتے ہیں۔ وہ جنبش روح پر غالب آجاتی ہے۔ اور وجود میں تو تم ہو کہ جسم کے تمام اعضا کو حرکت اور رقص ہو جاتا ہے۔ جو روحیں ازل میں محفوظ نہ ہوئیں دنیا میں آکر بھی اچھی نماز کا ان پر اثر ہوا۔ ایسی ارواح ذوق و شوق سے بے نصیب ہیں۔ حرکت ظاہری و حرکت معنوی کا نتیجہ ہے۔ یعنی حرکت ملا رسالت حرکت روح ہے اور حرکت روح علامت ذوق و شوق الٰہی کہ جو ندا اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ سے ظاہر ہوئی۔ اے عزیز منظور روح دل میں اثر کرتی ہے اور دل سے وجود میں جاتی ہے سب اعضاء حرکت میں آجاتے ہیں اور مرغ روح پرواز کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ قفس تن سے نکل جائے۔ اور قفس (تن) کو بھی حرکت اور گردش میں لاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو اور تم کو اپنے کرم اور فضل سے یہ رقص وجد کی نعمت عطا کرے (الہامات غوثیہ)

۱۰۵۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ بخیل کو بخل خرچ کرنے نہیں دیتا۔ یہ بہت بڑی بیماری ہے۔ اس علاج بہت خار ہے۔ بخیل کا ٹھکانہ سوائے دوزخ کے اور کہیں نہیں۔ اگر یہ کتنی ہی عبادت کرنے والا ہو۔ جنت کے دروازے پر لکھا ہے۔ کہ میں زکوٰۃ نہ دینے والے اور کنجوس دولت پر حرام ہوں۔

۱۰۶۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے ایک دفعہ شیطان کو دیکھا فرمایا کہ تو زیادہ دشمن کس شخص کو جانتا ہے اس نے کہا زاہد کنجوس کو میں بہت دوست رکھتا ہوں کیونکہ وہ بڑی محنت سے عبادت کرتا ہے اور کنجوسی اس کی تمام عبادت کو ضائع کر دیتی ہے۔ اور فاسق سخی کو میں بہت دشمن

رکھتا ہوں۔ جو عیش کرتا ہے۔ اور خرچ کرتا ہے۔ لیکن مجھے ڈر ہے کہ اس سخاوت کی وجہ سے حق تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے۔ اور توبہ کی نعمت عطا ہو جائے۔

۱۰۷۔ شیخ الاسلام قدس سرہ فرماتے ہیں کہ مرو میں ایک کنجوس کو جس کا لڑکا بیمار تھا کسی نے ...... کو دعوت دی وہ تیمار داری میں بہت کھا گیا۔ اور پیٹ درد سے ...... بے چین ہو کر تڑپنے لگا۔ طبیب بلایا گیا۔ طبیب نے کہا بہت ...... کھایا ہے بخیل نے جواب دیا مجھے مرنا منظور ہے۔ مگر ایسی عمدہ غذا ...... نہیں۔ ایک اعرابی کسی بخیل کے پاس گیا۔ جو انجیر کھا رہا تھا۔ اعرابی کو دیکھ کر انجیر فوراً چادر سے چھپالی۔ اور اعرابی کو کہا۔ کچھ قرآن شریف سناؤ۔ اعرابی نے یوں پڑھنا شروع کیا وَالزَّیْتُوْنِ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ بخیل بولا وَالتِّیْنِ کہاں گیا۔ اعرابی نے کہا۔ وہ تیری چادر کے نیچے ہے۔

۱۰۸۔ محمد بن یحییٰ برمکی کنجوس اور مالدار بدشکل تھا۔ کسی نے اس کے ایک رشتہ دار سے اس کے دسترخوان کا حال پوچھا۔ اس نے جواب دیا۔ اس کا دسترخوان چار انگل کے برابر ہے۔ پیالے اس طرح معلوم ہوتے ہیں۔ کہ گویا خشخاش کے دانے کھود کر تیار کئے ہیں۔ سائل نے پوچھا اس دسترخوان پر کون لوگ کھانا کھاتے ہیں۔ اس نے جواب دیا سوائے کراماً کاتبین کے ...... بھی نہیں ہوتا تو کھاتے کون؟ سائل نے کہا۔ آخر کبھی کوئی اس کے دسترخوان پر کھانا ...... اس نے جواب دیا۔ ہاں کھاتی ہیں۔ سائل نے پوچھا۔ تم اس کے خاص آدمی ہو۔ ...... پھٹے ہوئے ہیں۔ اس نے جواب دیا سوئی نہیں حاصل نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ اس کنجوس کے پاس ایک کوٹھڑی سوئیوں کی بھرا ہوا موجود ہو۔ اور حضرت یعقوب ...... علیہ السلام کا پیراہن بیٹے کے لیے جو حضرت زلیخا نے پھاڑا تھا۔ ایک سوئی ......

۱۰۹۔ حضرت سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں کنجوس کو عادل نہیں کہتا۔ اور اس کی گواہی پر یقین نہیں کرتا۔

۱۱۰۔ اَلسَّخِیُّ قَرِیْبٌ مِّنَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْجَنَّۃِ بَعِیْدٌ مِّنَ النَّارِ وَالْبَخِیْلُ بَعِیْدٌ مِّنَ اللّٰہِ بَعِیْدٌ مِّنَ الْجَنَّۃِ قَرِیْبٌ مِّنَ النَّارِ یعنی سخی اللہ تعالیٰ اور جنت کے قریب دوزخ سے دور ہے۔ بخیل اللہ تعالیٰ اور جنت سے دور دوزخ سے قریب ہے۔

۱۱۱۔ شیخ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ جو شخص جان لے کہ میرا انجام مرنا ہے اور میرا ٹھکانا قبر ہے اور منکر نکیر مجھ پر مقرر ہیں۔ اور روز قیامت ہونی ہے۔ بہشت دوزخ

Urdu Books, English Books and Old pdf books download

http://www.Mypdfsite.com

جانا ضروری ہے اگر بڑھاپے کے موت کے غم سے بڑھ کر اس کو اور کوئی غم نہ ہوگا۔ آدمی مردوں کے جنازوں پر جاتا ہے۔ شرطیہ آپ کو اس طرح دیکھنا ہے کہ اسی ہمیشہ اسی طرح پڑے گا۔ انسان جوانی پر نازاں ہے۔ اور اسے نہیں جانتا کہ بڑھاپا ہونے سے پہلے بھی مر جانا ممکن ہے۔

مہر حاجی علی ضیاء
الحمد
الحمد دواخانہ

نعت شریف

در فراقت یا محمدؐ بیقرارم چوں کنم — دردمندم پر فغانم اشکبارم چوں کنم
بے دوا در ماندہ ام آہ و سوز و الغیاث — طاقت ہجری ندارم زار و زارم چوں کنم
اے مغیث دردمنداں دل کباب سوز تو — بی نوایم در آستانم در فگارم چوں کنم
سینہ بریاں را علاج از نظر رحمت ہائے تو — رحمتی کن از بے در انتظارم چوں کنم
رحم فرما رحم افزا چشم بکشا سوئے کس — از خطائے لو و نعشا شرمسارم چوں کنم
غرق بحر جرم ہائم بر کنارہ رحمتی — دم بجود دہانداز دم نیارم چوں کنم
از شراب جلوہ ای تشنہ لب را جرعہ — از فرقت ماہی بے آب دارم چوں کنم
جان و دل باد فدایت ہیں من ایمان من — گلشن بودی جان صد آہم نزارم چوں کنم
آہ سوزاں ما ہجراں فتنہ خیز و دل تپاں — چوں نخورد آں وقت بریاں رقص گام چوں کنم
در شما خواہم شما خواہم حضوری بارگاہ — دستہائی باد عالیسل و نہارم چوں کنم

خاک شاہ ہمچو شاہ طائفت گریاں بود
از کرم ہائے تو ہمیں امید دارم چوں کنم

بندہ ناچیز حکیم پیر میاں محمد حنیف چشتی عفی عنہ نے کتاب ہذا کو بفضل ربی کے ۱۳۸۳ھ بمطابق ۱۰ جنوری ۱۹۶۴ء کو مکمل کیا۔ دعا ہے کہ رب العزت اس ناچیز کی ادنی خدمت کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ بندہ کی بخشش باعث ثواب آخرت ہو۔ آمین ثم آمین۔

اعلان مسرت

ہمارا دواخانہ عرصہ دراز سے طبی خدمات سرانجام دے رہا ہے جس سے ہزاروں مریض صحتیاب ہو چکے ہیں۔ ہمارے مطب میں ہر قسم کے زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے اور تمام راز پوشیدہ رکھے جاتے ہیں۔ آپ بھی جملہ امراض کہنہ و مخصوصہ کیلئے ہماری خدمات سے مستفید ہوں

المشتہر الحمد دواخانہ رجسٹرڈ منٹگمری

کتاب ہذا اس پتہ سے طلب کریں

الحمد دواخانہ رجسٹرڈ منٹگمری

[illegible]

Urdu Books, English Books and Old pdf books download